CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | بدھ، 17 جون 2026ء، یکم محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 166

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی

وزیر داخلہ

سی ٹی ڈی پنجاب کی بروقت انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی نے اٹک میں فتنہ الخوارج کے پانچ انتہائی خطرناک دہشت گردوں کو جہنم واصل کر کے بڑی تباہی کو روک دیا

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن میں حصہ لینے والے سی ٹی ڈی جوانوں کی جرات، مہارت اور قربانیوں کو خراج تحسین دیتے ہوئے انہیں قوم کے محافظ قرار دیا

اٹک میں ہونے والی اس انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کے نتیجے میں ملک کو ایک بڑے ممکنہ دہشت گرد حملے سے بچا لیا گیا جس سے عوام نے سکھ کا سانس لیا

وزیر داخلہ نے قوم سے اپیل کی کہ وہ سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ پاکستان کو دہشت گردی سے پاک محفوظ اور پرامن ملک بنایا جا سکے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اٹک کے علاقے میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب اور بروقت کارروائی پر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) پنجاب کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے خصوصی بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ سی ٹی ڈی پنجاب نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران نہایت مہارت، پیشہ ورانہ صلاحیت اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے پانچ انتہائی خطرناک دہشت گردوں کو انجام تک پہنچایا، جس سے نہ صرف ان کے ناپاک عزائم خاک میں ملے بلکہ ملک کو ایک بڑے ممکنہ سانحے سے بھی محفوظ بنا لیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کا کردار ہر (بقیہ نمبر 1)



اٹک میں سی ٹی ڈی کارروائی، پانچ دہشتگرد ہلاک

پنجاب میں بڑی تباہی ناکام، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی سے بچاؤ ہو گیا

لاہور (نیوز ڈیسک) سی ٹی ڈی سے مقابلے کے دوران 5 دہشتگرد ہلاک ہو گئے، ہلاک ہونے والے دہشت گرد پنجاب کے مختلف شہروں اور اہم تنصیبات پر حملوں کی باقاعدہ منصوبہ بندی مکمل کر چکے تھے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے پنجاب کو بڑی تباہی سے بچاتے ہوئے اٹک کے سرحدی علاقے کے قریب ایک کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپر (بقیہ نمبر 2)

این ڈی ایم اے کا ملک بھر میں بارشوں اور سیلاب کا الرٹ جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے 16 سے 20 جون کے دوران متوقع موسمی صورتحال اور ممکنہ خطرات کے حوالے سے ا (بقیہ نمبر 3)

برطانوی عدالت نے فلسطین ایکشن کی پابندی برقرار رکھی

حامیوں کی گرفتاریاں، فیصلے پر احتجاج، حکومت کے موقف کی توثیق ہو گئی

لندن (نیوز ڈیسک) برطانیہ میں فلسطین کے حامی کارکنوں کی تنظیم فلسطین ایکشن کے حامیوں کو پولیس نے گرفتار کر لیا، جبکہ برطانوی عدالت نے تنظیم کو دہشت گرد تنظیم قرار دینے کے حکومتی فیصلے کو برقرار رکھتے ہوئے حکومت کے موقف کی توثیق کر دی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 4)

پنجاب کا ترقیاتی بجٹ کم، منصوبوں میں بڑی کمی

نئے منصوبے محدود، جاری اسکیموں کی تکمیل پر توجہ مرکوز رہے گی

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب حکومت نے مالی سال 2026-27 کے لیے ترقیاتی بجٹ 1450 ارب روپے سے کم کر کے 752 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی ہے۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کا آئندہ مالی سال کا بجٹ آج پیش کیا جائے گا، جس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام (اے (بقیہ نمبر 5)

ایران نے صدر ٹرمپ کو وائلن کی طرح بجایا، جان بولٹن کا دعویٰ

سابق امریکی مشیر کا کہنا ہے کہ تہران نے سفارتی چالوں سے واشنگٹن کو مجبور کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سابق امریکی قومی سلامتی کے مشیر جان بولٹن نے ایران اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے متعلق ایک تند و تیز تبصرے میں کہا ہے کہ ایران نے ٹرمپ کو وائلن کی طرح بجایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جان بولٹن نے کہا کہ تہران نے مذاکرات اور (بقیہ نمبر)

بجٹ مذاکرات جاری، ٹیکس تفصیلات مخفی

حکومتی رعایتوں سے قومی خزانے پر مالی بوجھ بڑھنے کا خدشہ ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت کی جانب سے بجٹ 2026-27 کے حوالے سے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کو مطمئن کرنے کی کوششیں جاری ہیں اور اس (بقیہ نمبر 7)

خانیوال میں کچہری پیشی پر چار قتل کا مقدمہ درج

خانیوال (نیوز ڈیسک) کچہری پیشی پر جانے والے 4 افراد کے قتل کا مقدمہ درج کر کے پولیس نے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق خانیوال کے تھانہ سٹی کی حدود میں کچہری پیشی پر جانے والے 4 افراد کے (بقیہ نمبر 37)

راولاکوٹ میں سیکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ کی ویڈیو منظر عام پر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) بیرونی ایماء پر مسلح شرپسندوں کی سیکیورٹی اہلکاروں پر فائرنگ، انتشاری ایکشن کمیٹی کا اصل چہرہ بے نقاب ہو گیا جب کہ کالعدم انتشاری جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی قانون نافذ کرنے (بقیہ نمبر 36)

گجرات میں گھریلو ناچاقی پر بھائی نے تین افراد قتل کر دیے

گجرات (1 (نیوز ڈیسک) گاؤں بزرگوال میں گھریلو ناچاقی پر فائرنگ کا ہولناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں ایک ہی خاندان کے 3 افراد کو قتل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم قاضی نعمان ارشد نے گھریلو جھگڑے (بقیہ نمبر 35)

وزیر اعظم نے میثاق جمہوریت کی بات کی آئیں آگے بڑھیں فضل الرحمان

نواز شریف اور بے نظیر بھٹو کے درمیان ماضی میں کشیدگی رہی لیکن صلح اور بات چیت بھی ہوئی

وزیر اعظم نے میثاق جمہوریت کی بات کی تو آگے بڑھنے کی ضرورت ہے کشیدگی کم کرنے کی اپیل

پشاور (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نے میثاق جمہوریت کی بات کی ہے تو آئیں آگے بڑھیں، آج پی ٹی آئی اور حکومت کے درمیان جو کشیدگی نظر آ رہی ہے وہ ماضی میں کبھی نہیں تھی، عمران خان کو باہر آنے دیں، اگر آج ایک شخص کی وجہ سے ملکی تناؤ ہے تو باہر نکالیں۔ پیر کو قومی اسمبلی میں میں بجٹ اجلاس سے خطاب ہوئے مولانا فضل الرحمان کا اسے باہر کہنا تھا کہ نواز شریف اور بے نظیر کے درمیان کیا تناؤ نہیں رہا ہے، کیا ان کے درمیان صلح نہیں ہوئی، ان کا کہنا تھا کہ محمود خان اچکزئی ہمارے اپوزیشن لیڈر ہے، اچکزئی نے مجھ سے ووٹ نہیں مانگا۔ سربراہ جے یو آئی کا کہنا تھا کہ میثاق جمہوریت پر دستخط بے نظیر اور نواز شریف نے کئے تھے، میثاق جمہوریت میں (بقیہ نمبر 38)

ایران امریکا معاہدے سے معاشی اہداف بہتر ہو گئے

وزیر خزانہ

پاکستان 2027 کی معاشی پیش گوئیوں میں بہتری لا سکتا ہے جبکہ شرح نمو کا ہدف چار فیصد اور مہنگائی 2.8 فیصد رکھا گیا ہے آئندہ سال کے لیے

ڈیجیٹل اثاثوں کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا جبکہ کرپٹو اور ٹوکنائزیشن کو ریگولیٹ کیا جائے گا اور دفاعی صنعت میں دلچسپی بڑھی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا معاہدے کے بعد معاشی اہداف بہتر ہونے کی امید ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے برطانوی خبر رساں ادارے روئٹرز کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ایران تنازع نے مہنگائی دوبارہ ڈبل ڈیجٹ میں پہنچا دی، تاہم یہ تنازع ختم ہونے سے اقتصادی صورتحال بہتر ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان 2027 کی معاشی پیش گوئیوں میں بہتری لا سکتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے مزید کہا کہ ایران جنگ کے باعث توانائی انفراسٹرکچر متاثر ہوا ہے اور سپلائی چین معمول پر آنے میں وقت لگے گا۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ بجٹ میں ترمیم ابھی قبل از وقت ہے۔ مالی سال 2027 میں معاشی شرح نمو کا ہدف 4 فیصد مقرر ہے، اور آئندہ سال مہنگائی 2.8 فیصد تک رکھنے کا ہدف ہے۔ سرحدی کشیدگی کے باعث دفاعی اخراجات ترجیح ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان قرضوں کے ڈھانچے میں تبدیلی (بقیہ نمبر 8)

مریم نواز نے پنجاب کا بجٹ پیش کرنے کی منظوری دیدی

اجلاس میں مالیاتی اہداف سفارشات اور سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن سے متعلق تجاویز پر تفصیلی غور کیا گیا

بجٹ منظوری کے بعد پنجاب اسمبلی میں پیش کرنے کی راہ ہموار ہو گئی ہے حکومتی عملے نے تیاریاں مکمل کر لیں

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب کابینہ کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ مریم نواز نے نئے مالی سال کا بجٹ پیش کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب کابینہ کا اہم اجلاس ہوا، جس میں نئے مالی سال کے بجٹ سے متعلق مختلف امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے مالیاتی اہداف اور بجٹ تجاویز پر تفصیلی بحث کی گئی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ اجلاس میں بجٹ میں شامل مختلف سفارشات کا جائزہ لیا گیا جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن سے متعلق تجاویز بھی زیر غور رہیں۔ اجلاس (بقیہ نمبر 34)

ٹک ٹاک سے معاشرتی بگاڑ، عدالت کا تشویش کا اظہار

پشاور ہائیکورٹ نے نئی قائم کردہ سوشل میڈیا اتھارٹی سے رپورٹ طلب کر لی

پشاور (نیوز ڈیسک) ٹک ٹاک کی وجہ سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہونے کی بنیاد پر عدالت میں درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ پشاور ہائیکورٹ میں ٹک ٹاک پر پابندی سے متعلق دائر درخواست کی سماعت جسٹس اعجاز انور اور جسٹس فرح جمشید پر مشتمل بینچ نے کی۔ دوران سماعت (بقیہ نمبر 9)

لبنان میں اسرائیلی قبضہ مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورزی ہو گی

ایرانی وزیر خارجہ نے خطے میں امن کے لیے اہم شرائط واضح کر دیں

تہران (نیوز ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے واضح کیا ہے کہ ایران اور لبنان کے تنازعات ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور لبنان میں اسرائیلی فوج کی مسلسل موجودگی یا قبضہ امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی خلاف ورز (بقیہ نمبر 11)

بجٹ پر پیپلز پارٹی کے تحفظات، حکومت کا رابطہ

حکومتی وفد نے وعدے پورے کرنے اور گلے شکوے دور کرنے کی یقین دہانی کرا دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی بجٹ کے معاملے پر وفاقی حکومت نے پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) سے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایک اعلیٰ حکومتی شخصیت نے پیپلز پارٹی کی قیادت سے رابطہ کر کے بجٹ کے حوالے سے ان کے تحفظات دریافت کیے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی نے بجٹ پر اپنے تمام تحفظات حکومت کے سامنے رکھ دیے ہیں اور حکومتی شخصیت کو بجٹ کے معاملات پر ہونے والی مبینہ غلط بیانی سے بھی آگاہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی کے ذرائع کے (بقیہ نمبر 12)

لبنان میں اسرائیلی حملے سے ایرانی صحافی زخمی

پریس جیکٹ پہننے کے باوجود ہادی حطیط شیل کے ٹکڑوں کی زد میں آ گئے

بیروت (نیوز ڈیسک) لبنان کے جنوبی علاقے میں اسرائیلی حملوں کی کوریج کے دوران ایک صحافی زخمی ہو گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی نشریاتی ادارے پریس ٹی وی سے وابستہ صحافی ہادی حطیط اسرائیلی حملے کے نتیجے میں شیل کے ٹکڑوں (شرپنل) کی زد میں آ گئے۔ رپور (بقیہ نمبر 14)

چکوال واقعہ: سی سی ڈی وضاحت سامنے

ایس پی شاہ میر خالد نے سوشل میڈیا پروپیگنڈا مسترد کر دیا

چکوال (نیوز ڈیسک) ایس پی سی سی ڈی شاہ میر خالد کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر دکھائی گئی گاڑی متاثرہ فیملی کی نہیں ہے۔ ایس پی سی سی ڈی پنجاب شاہ میر خالد نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر ہمارے خلاف پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، واقعے پر جے آئی ٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ڈاکو ایک گلی میں چھپے، سی سی ڈی نے غلط فہمی پر گاڑی پر فائرنگ کی، انہیں لگا کہ ڈاکوؤں نے گاڑی چھین لی ہے، فائرنگ کے نتیجے میں معصوم (بقیہ نمبر 19)

خلیل الرحمان قمر بیان پر شدید تنقید

ٹی وی پروگرام میں ریمارکس پر سوشل میڈیا پر ردعمل شدید

لاہور (نیوز ڈیسک) معروف اور متنازع ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر ایک ٹی وی پروگرام کے دوران خواتین پر تیزاب حملوں سے متعلق دیے گئے اپنے بیان کے باعث شدید تنقید کی زد میں آ گئے ہیں۔ ڈرامہ نگار کے ریمارکس کو غیر ذمے دارانہ اور حساس مسئلے کی سنگینی کو کم کرنے کے متر (بقیہ نمبر 20)

غزہ میں تین سالہ بچہ شہید ہو گیا

اسرائیلی فائرنگ سے بچہ جاں بحق، والد زخمی اسپتال منتقل کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) غزہ میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے تین سالہ فلسطینی بچہ شہید ہو گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق غزہ میں اسرائیلی سفاک اہلکار نے 3 سالہ بچے کو سر پر گولی ماری جو اس کی بائیں آنکھ سے نکل گئی اور بچہ موقع پر ہی شہید ہو گیا۔ واقعے میں اسرائیلی اہلکار نے بچے (بقیہ نمبر 21)

اسلامی نظریاتی کونسل کا متفقہ اعلامیہ جاری

محرم الحرام میں فرقہ واریت، نفرت اور انتہا پسندی کی سخت مذمت کی گئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) محرم الحرام کی مناسبت سے اسلامی نظریاتی کونسل نے فرقہ واریت اور انتہا پسندی کے خلاف متفقہ اعلامیہ جاری کر دیا۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے متفقہ اعلامیہ جاری کرتے ہوئے پیغام پاکستان کی روشنی میں فرقہ واریت، نفرت انگیزی اور انتہا پسندی کے خلاف دوٹوک مؤقف اختیار کر لیا ہے۔ اس حوالے سے جاری کیے گئے اعلامیے میں اتحادِ امت، رواداری (بقیہ نمبر 25)

ایران پر پابندیاں ختم ہونا پاکستان کیلئے فائدہ مند ہے خواجہ آصف

افغانستان سے دہشتگردی کے مسئلے پر پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے ہمارے جوان شہید ہو رہے ہیں

پاکستان نے سفارتی کامیابی حاصل کی ایران امریکا معاہدے سے وقار میں اضافہ ہوا قومی فخر بڑھا ہے



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایران پر پابندیوں میں نرمی پاکستان اور بلوچستان کیلئے فائدہ مند ہو گی۔ آزاد کشمیر میں فارن فنڈڈ تنظیم مہاجرین نشستوں پر بلیک میل کر رہی ہے، مہاجر نشستوں کا فیصلہ آزاد کشمیر کے عوام اور مہاجرین کو کرنے دیا جائے۔ قومی اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ افواجِ پاکستان نے اپنے سے 5 گنا بڑے دشمن کو شکست دی، اسد قیصر کے گھر قانون سازی کیلئے میٹنگ (بقیہ نمبر 10)

سپریم کورٹ فیصلے کے خلاف بڑے بینچ کی ضرورت نہیں، عدالت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف بینچ سے متعلق اہم فیصلہ جاری کر دیا پی ٹی سی ایل پنشنرز کیس کی سماعت کرتے ہوئے وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف کیس سننے کے لیے (بقیہ نمبر 13)

تحریک انصاف کا پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں شرکت کا فیصلہ

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف پنجاب نے صوبائی اسمبلی میں بجٹ اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کر لیا۔ اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی معین ریاض قریشی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے ارکان پنجاب اسمبلی اجلاس میں بھرپور شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی (بقیہ نمبر 15)

لبنان اور شام سے اسرائیلی فوج پیچھے نہیں ہٹے گی، نیتن یاہو

تل ابیب (نیوز ڈیسک) اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے واضح کیا ہے کہ اسرائیلی فوج لبنان اور شام میں اپنے زیرِ قبضہ علاقوں سے دستبردار نہیں ہو گی چاہے امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی یا امن معاہدہ ہی کیوں نہ ہو جائے۔ بین الاقوامی میڈیا رپور (بقیہ نمبر 16)

اسرائیلی آبادکاروں نے مغربی کنارے میں فلسطینی گاؤں کی پائپ لائن توڑ دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) غیر قانونی اسرائیلی آبادکاروں نے مقبوضہ مغربی کنارے میں ام صفا گاؤں کو پانی فراہم کرنے والی پائپ لائن کو بلڈوز کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حکومت نے غیر قانونی آبادکاری کو وسیع کرنے کیلئے اور وہاں سڑک ہموار کرنے (بقیہ نمبر 17)

پی آئی اے فضائی میزبان پابندی کا حکم

فضائی عملے کے لیے سگریٹ لے جانے پر مکمل پابندی عائد

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائن (پی آئی اے) نے فضائی میزبانوں کے لیے نیا حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق پی آئی اے انتظامیہ نے فضائی میزبانوں (ایئر ہوسٹس) کے لیے نیا حکم نامہ جاری کر دیا ہے، جس کے تحت فضائی میزبانوں کے پرسنل لگیج میں سگریٹ، سگار اور تمباکو لے جانے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پروازوں، ہوٹل قیام اور پبلک مقامات پر سگریٹ نوشی پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ نئی پابندی سے عادی سگریٹ نوش کریو کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پی آئی اے انتظامیہ (بقیہ نمبر 18)

معیشت بحالی مرحلے میں داخل

وزیر خزانہ

سپر ٹیکس کے مکمل خاتمے کا عندیہ

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں منافع دنیا بھر کے مقابلے میں زیادہ قرار دیا گیا معاشی بہتری کی توقع ظاہر

پاکستان میں سرمایہ کاری میں اضافہ آئی پی اوز کی بڑھتی تعداد اور معاشی استحکام پر اعتماد میں اضافہ

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے سپر ٹیکس کے مکمل خاتمے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر سال سپر ٹیکس کے خاتمے کی مزید کوشش کرتے رہیں گے، پاکستان جیسا منافع دنیا کے کسی ملک کی سٹاک مارکیٹ میں نہیں، آئندہ مالی سال میں مزید معاشی بہتری کی (بقیہ نمبر 22)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں نوجوان اور خواتین دل کے امراض کا شکار

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان سمیت دنیا بھر میں دل کے امراض تیزی سے عام ہوتے جا رہے ہیں، اور اب یہ مسئلہ صرف بزرگوں تک محدود نہیں رہا۔ طبی ماہرین کے مطابق 30 سے 45 سال کی عمر کے افراد میں دل کی بیماریوں کے کیسز میں واضح اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، جبکہ خواتین بھی پہلے کے مقابلے میں زیادہ خطرے سے دوچار ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ بدلتا ہوا طرز زندگی، مسلسل ذہنی دباؤ، غیر صحت بخش غذائی عادات اور ہارمونز میں تبدیلیاں (بقیہ نمبر 24)

پنجاب پولیس نفرت انگیز مواد روکنے کے اقدامات

سوشل میڈیا پر قابل اعتراض مواد رپورٹ کرنے کی اپیل جاری

لاہور (نیوز ڈیسک) پنجاب پولیس کی جانب سے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز، فرقہ وارانہ اور قابلِ اعتراض مواد کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے نفرت انگیز مواد کے پھیلاؤ کی روک تھام کے لیے شہریوں سے فعال کردار ادا کرنے کی اپیل کرتے ہوئے ایسے مواد کی فوری نشاندہی اور اسے رپورٹ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ پنجاب پولیس کی جانب سے جاری کردہ عوامی آگاہی پیغام میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نفرت انگیز، اشتعال انگیز اور قابلِ اعتراض مواد معاشرتی ہم آہنگی اور امن و امان کے لیے خطرہ بن سکتا ہے، لہٰذا تمام شہری ایسے مواد کو نظر انداز کرنے کے بجائے اپنی ذمہ داری سمجھتے ہوئے متعلقہ حکام تک پہنچائیں۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ اگر کسی بھی شہری کو فیس بک، ایکس (ٹوئٹر)، انسٹاگرام، ٹک ٹاک، واٹس ایپ یا دیگر ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر نفرت انگیز مواد نظر آئے تو وہ فوری طور پر پنجاب پولیس کی فراہم (بقیہ نمبر 23)

بھارتی اداکارہ سنچیتا اوگلے کی موت سشانت سنگھ کے مماثل قرار

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بھارتی ٹی وی انڈسٹری کی نوجوان اداکارہ سنچیتا اوگلے کی پراسرار موت کے بعد معاملہ مزید پیچیدہ ہوتا جا رہا ہے۔ اداکارہ کے بھائی آکاش اوگلے نے پہلی بار میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایسے نکات سامنے رکھے ہیں جنہوں نے اس افسوسناک واقعے (بقیہ نمبر 33)

پاک امریکہ ایران امن معاہدے کی خبر سے عالمی اسٹاک مارکیٹ میں تیزی

نیویارک (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات میں پیش رفت اور امن معاہدے کی خبروں نے عالمی مالیاتی منڈیوں میں مثبت رجحان پیدا کر دیا ہے، جس کے نتیجے میں امریکی اور ایشیائی اسٹاک مارکیٹس میں نمایاں تیزی دیکھی گئی جبکہ خام تیل کی قیمتو (بقیہ نمبر 32)

لاہور میں قبرستان کے سوگواروں کو لوٹنے والا گینگ گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) لٹن روڈ پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے قبرستان میں سوگواروں کو لوٹنے والے 2 رکنی نشئی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کو میانی صاحب قبرستان کے قریب سے حراست میں لیا گیا، جہاں وہ جرائم کی مختلف واردا (بقیہ نمبر 31)

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے احتجاج سے آزاد کشمیر کا متوسط طبقہ شدید متاثر

آزاد کشمیر (نیوز ڈیسک) شرپسند جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے احتجاج اور دیگر اشتعال انگیز سرگرمیوں سے عام شہری بری طرح متاثر ہو رہے ہیں آزاد کشمیر کے شہریوں کا کہنا ہے کہ کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کی ہڑتال کی کال کے باعث سب سے زیادہ نقصان متوسط اور مزدور طبقے کو ہو رہا ہے۔ روزا (بقیہ نمبر 29)

روڈا کا راوی پر حفاظتی بند کا منصوبہ

چھیالیس کلومیٹر طویل بند سیلابی تباہ کاریوں کو روکنے میں مددگار ہو گا

لاہور (نیوز ڈیسک) راوی اربن ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا دریائے راوی پر 46 کلومیٹر طویل حفاظتی بند بنانے کا منصوبہ تیزی سے پیش رفت کی جانب گامزن ہے۔ اس سلسلے میں سی ای او روڈا عمران امین نے راوی سٹی ایمینکمنٹ ورکس اور مختلف پیکیجز کا تفصیلی دورہ کر کے کام کی رفتار کا جائزہ لیا۔ ترجمان روڈا نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات کے تحت منصو (بقیہ نمبر 28)

بجٹ غریب کا وصولیوں کو وسائل دیئے بغیر اہداف ناممکن سینیٹ میں بحث

علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا حکومت کا پیش کردہ بجٹ عوام دشمن، مہنگائی بڑھانے اور خوف کی علامت ہے

سینیٹر شیری رحمن نے کہا محصولات بڑھانے کی بجائے صوبوں کے مالی حقوق اور مشاورت ضروری ہے حاصل کئے جائیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت نے غریب مکاؤ بجٹ پیش کیا جو بجٹ نہیں بلکہ خوف کی علامت ہے۔ پیر کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ یہ بجٹ کیا پاکستان کے (بقیہ نمبر 27)

پاک امریکہ ایران معاہدے کے باوجود آبنائے ہرمز بحالی میں تاخیر کا خدشہ

ٹوکیو (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ معاہدے کے باوجود آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت کی مکمل بحالی میں کئی ہفتے لگ سکتے ہیں۔ جاپان کی معروف شپنگ کمپنی مٹسوئی او ایس کے لائنز کے سربراہ نے خبردار کیا ہے کہ جہاز مالکان فوری طور پر اس اہم آبی گزرگاہ سے سفر دوبارہ شروع کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ برطانوی اخبار فائنشل ٹائمز سے گفتگو کرتے ہوئے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو جوتارو تامو (بقیہ نمبر 30)

کوٹلی ستیاں میں بلیک میلنگ سے لڑکی خودسوزی

اوباش پڑوسی کی مسلسل ہراسانی سے تنگ آ کر سولہ سالہ لڑکی جاں بحق

کوٹلی (نیوز ڈیسک) مری میں کوٹلی ستیاں کے گاؤں آریاڑی میں مبینہ بلیک میلنگ سے تنگ آ کر 16 سال کی لڑکی نے خود پر پیٹرول چھڑک کر آگ لگا لی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹلی ستیاں کے گاؤں آریاڑی میں ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ پیش آیا ہے جہاں ایک اوباش شخص کی مبینہ بلیک میلنگ اور مسلسل ہراسانی سے تنگ آ کر 16 سالہ لڑکی نے خود پر پٹرول چھڑک کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ سات دن قبل پیش آیا تھا، جہاں لڑکی نے اپنے گھر سے ملحقہ ایک زیرِ تعمیر مکان میں جا کر خودسوزی کی۔ آگ لگنے کے باعث لڑکی شدید جھلس گئی، جسے تشویشناک حالت میں فوری طور پر راولپنڈی منتقل کیا گیا، تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔ ڈی پی او مری کا کہنا ہے کہ جیسے ہی پولیس کو اس واقعے کی معلومات ملیں، فوری طور پر کارروائی کا آغاز کیا گیا۔ تھانہ کوٹلی ستیاں پولیس نے متوفیہ کے بھائی کی مدعیت میں واقعے کا مقدمہ (بقیہ نمبر 26)

ترقیاتی منصوبے، عوامی مشکلات اور بروقت تکمیل کی ضرورت

تحریر: حاجی ملک محمد اعظم اعوان

وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی جانب سے صوبے میں عوامی فلاح و بہبود، انفراسٹرکچر کی بہتری اور شہروں کی خوبصورتی کے لیے متعدد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ ان اقدامات کا بنیادی مقصد شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی، جدید طرز کی شہری منصوبہ بندی اور صاف ستھرے ماحول کی تشکیل ہے۔ بلاشبہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت کیے جانے والے یہ اقدامات قابلِ تحسین ہیں اور ان کے مثبت اثرات مستقبل میں پنجاب کے شہریوں کو ضرور حاصل ہوں گے۔ اٹک شہر میں بھی فوارہ چوک، پلیڈر لائن اور مختلف اہم بازاروں کی تزئین و آرائش اور ترقیاتی کاموں کا آغاز اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس منصوبے کا مقصد شہر کے حسن میں اضافہ، ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا اور شہریوں کو جدید سہولیات فراہم کرنا ہے۔ عوام اور تاجر برادری نے ابتدا میں ان منصوبوں کو خوش آئند قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ مقررہ مدت میں ان کی تکمیل سے اٹک ایک خوبصورت اور منظم شہر کی صورت اختیار کر لے گا۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر نے شہریوں، تاجروں اور محنت کش طبقے کے لیے کئی مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ منصوبے جون میں مکمل ہونے تھے، لیکن ٹھیکیدار کی مبینہ ناتجربہ کاری، ناقص منصوبہ بندی اور سست روی کے باعث یہ کام ابھی تک مکمل نہ ہو سکے ہیں۔ نتیجتاً عوام ذہنی دباؤ، پریشانی اور بے یقینی کی کیفیت سے دوچار ہیں۔ یہ حقیقت اپنی جگہ مسلم ہے کہ ترقیاتی کاموں کے دوران کچھ نہ کچھ عارضی مشکلات پیدا ہوتی ہیں، لیکن جب یہ مشکلات مہینوں پر محیط ہو جائیں تو عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہونا فطری امر ہے۔ اٹک کے مرکزی بازاروں میں کھدائی، سڑکوں کی ٹوٹ پھوٹ اور مسلسل جاری تعمیراتی سرگرمیوں نے معمولاتِ زندگی کو شدید متاثر کیا ہے۔ کاروباری مراکز تک رسائی دشوار ہو چکی ہے جبکہ ٹریفک کی روانی بھی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ تاجر برادری کا کہنا ہے کہ جن بازاروں میں روزانہ لاکھوں بلکہ کروڑوں روپے کا کاروبار ہوتا تھا، وہاں اب گاہکوں کی آمد میں نمایاں کمی آ چکی ہے۔ کئی دکانداروں کے لیے دکان کا کرایہ، بجلی کے بل اور دیگر اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ کاروبار میں مسلسل کمی کے باعث بے شمار خاندانوں کی معاشی حالت متاثر ہو رہی ہے۔ تاجروں کا مطالبہ ہے کہ ترقیاتی کام ضرور کیے جائیں، لیکن ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے تاکہ کاروباری سرگرمیاں زیادہ دیر تک متاثر نہ ہوں۔ ان ترقیاتی کاموں کا ایک اور تشویشناک پہلو گرد و غبار کی بہتات ہے۔ بازاروں اور گزرگاہوں میں اڑتی ہوئی دھول نے شہریوں کی صحت پر منفی اثرات مرتب کیے ہیں۔ خصوصاً سانس کے امراض، دمہ، الرجی اور دیگر طبی مسائل میں مبتلا افراد کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بزرگ شہری، بچے اور خواتین اس صورتحال سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق مسلسل گرد آلود ماحول میں رہنے سے سانس کی بیماریاں مزید شدت اختیار کر سکتی ہیں۔ متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ ترقیاتی کاموں کے دوران گرد و غبار پر قابو پانے کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔ پانی کا چھڑکاؤ، حفاظتی باڑوں کی تنصیب اور صفائی کے موثر انتظامات شہریوں کی مشکلات میں نمایاں کمی لا سکتے ہیں۔ عوام ترقیاتی منصوبوں کی مخالفت نہیں کرتے، بلکہ ان کی خواہش ہے کہ یہ منصوبے منظم انداز میں مکمل ہوں تاکہ سہولت کے بجائے زحمت کا باعث نہ بنیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کی جانے والی کوششوں کا اعتراف بھی ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا نے مختلف عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں اپنی ذمہ داریوں کو احسن انداز میں نبھانے کی کوشش کی ہے۔ اسی طرح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انیل سعید بھی انتظامی معاملات میں فعال کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ عوام کی توقع ہے کہ ضلعی انتظامیہ ان منصوبوں کی رفتار کو مزید تیز کرنے کے لیے موثر اقدامات کرے گی اور مقررہ مدت میں کام مکمل نہ ہونے کی وجوہات کا جائزہ لے گی۔ اسی طرح وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر اور عوامی فلاح کے متعدد منصوبے جاری ہیں، جنہیں عوامی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ تاہم کسی بھی منصوبے کی کامیابی کا انحصار اس کے موثر نفاذ اور بروقت تکمیل پر ہوتا ہے۔ اگر ماتحت ادارے اور ٹھیکیدار اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کریں تو بہترین منصوبے بھی تنقید کی زد میں آ جاتے ہیں۔ ترقیاتی کاموں کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والوں میں ریڑھی بان، دیہاڑی دار مزدور اور چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد شامل ہیں۔ بازاروں کی بندش یا محدود رسائی کے باعث کئی افراد کا روزگار متاثر ہوا ہے۔ بعض مزدور بے روزگاری کا شکار ہو چکے ہیں جبکہ ریڑھی بانوں کے لیے روزی روٹی کا حصول دشوار ہو گیا ہے۔ ایک فلاحی ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ایسے افراد کے لیے متبادل انتظامات کیے جائیں۔ ضلعی انتظامیہ کو چاہیے کہ متاثرہ ریڑھی بانوں اور چھوٹے کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے باعزت اور مناسب متبادل جگہ مختص کرے، جہاں وہ اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں۔ اس اقدام سے ایک طرف شہریوں کی سہولت برقرار رہے گی اور دوسری جانب محنت کش طبقہ معاشی مشکلات سے محفوظ رہ سکے گا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ متعلقہ حکام فوری طور پر ترقیاتی منصوبوں کا ازسرِ نو جائزہ لیں، کام کی رفتار تیز کریں اور ٹھیکیداروں کو مقررہ مدت کے اندر منصوبے مکمل کرنے کا پابند بنایا جائے۔ اگر کسی قسم کی غفلت، کوتاہی یا نااہلی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے مسائل سے بچا جا سکے۔ عوام ترقی اور خوشحالی کے سفر میں حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، لیکن ان کی یہ جائز توقع بھی ہے کہ ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل ہوں، شہریوں کی صحت اور روزگار کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور تاجروں کے معاشی مفادات کا خیال رکھا جائے۔ ترقی کا اصل حسن اسی وقت نمایاں ہوتا ہے جب اس کے ثمرات عوام تک بروقت اور مساوی طور پر پہنچیں، اٹک کے شہری، تاجر اور محنت کش طبقہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فوری ہدایات جاری کریں تاکہ فوارہ چوک، پلیڈر لائن اور دیگر بازاروں میں جاری ترقیاتی کام جلد از جلد مکمل ہو سکیں۔ یہی اقدامات عوام کے اعتماد میں اضافے اور حقیقی معنوں میں عوام دوست طرزِ حکمرانی کی عکاسی کریں گے، ترقی کا سفر جاری رہنا چاہیے، مگر ایسی ترقی جو عوام کے لیے آسانی، سہولت اور خوشحالی کا پیغام بنے، نہ کہ طویل انتظار، ذہنی اذیت اور معاشی مشکلات کا سبب۔

کشمیر میں احتجاج، پابندیاں اور سیاسی نمائندگی کا بحران

آزاد جموں و کشمیر میں جاری حالیہ احتجاج محض ایک انتظامی یا سکیورٹی مسئلہ نہیں بلکہ یہ سیاسی نمائندگی، آئینی حقوق، عوامی اعتماد اور ریاستی ردِعمل سے جڑے کئی بنیادی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ راولاکوٹ سے مظفرآباد کی جانب بڑھنے والے لانگ مارچ کو روکنے، ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنے، کارکنوں کی گرفتاریوں اور قیادت کے خلاف سخت اقدامات نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ اس تمام منظرنامے میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا سیاسی اختلاف کو صرف قانون نافذ کرنے کے ذریعے ختم کیا جا سکتا ہے یا اس کے لیے سیاسی اور جمہوری ذرائع ہی زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں؟ کسی بھی معاشرے میں احتجاج اس وقت جنم لیتا ہے جب عوام کا ایک طبقہ یہ محسوس کرے کہ اس کے مطالبات، تحفظات یا خدشات کو سنجیدگی سے نہیں سنا جا رہا۔ کشمیر میں کشمیری مہاجرین کی نشستوں کے حوالے سے پیدا ہونے والا تنازع بھی بنیادی طور پر نمائندگی اور سیاسی حقوق کے تصور سے جڑا ہوا ہے۔ اگرچہ اس مطالبے سے اتفاق یا اختلاف کیا جا سکتا ہے، لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ ایسے معاملات میں طاقت کے بجائے مکالمے کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے۔ جب ریاست اور احتجاج کرنے والے فریق کے درمیان رابطے کے دروازے بند ہو جائیں تو پھر سڑکیں ہی سیاسی اظہار کا واحد ذریعہ بن جاتی ہیں۔ حکومت کا موقف یہ ہے کہ جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے قانون کی حدود عبور کیں، ریاستی رٹ کو چیلنج کیا اور ایسے اقدامات کیے جن سے امن و امان کی صورتحال خراب ہوئی۔ اگر واقعی ایسا ہے تو ریاست کے پاس قانونی کارروائی کا حق اور اختیار موجود ہے۔ دنیا کی کوئی بھی حکومت ایسے اقدامات کو نظرانداز نہیں کرتی جو ریاستی نظم و ضبط کو نقصان پہنچانے کا باعث بنیں۔ تاہم سوال یہ ہے کہ کیا کسی تنظیم کو کالعدم قرار دینا، اس کی قیادت کے سروں کی قیمت مقرر کرنا اور بڑے پیمانے پر گرفتاریاں کرنا مسئلے کا مستقل حل فراہم کر سکتا ہے؟ تاریخ بتاتی ہے کہ سیاسی نوعیت کے تنازعات کو محض انتظامی اقدامات سے ختم کرنے کی کوشش اکثر الٹا اثر پیدا کرتی ہے۔ اس پورے معاملے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ احتجاج کے دوران انسانی جانوں کا ضیاع ہوا۔ کم از کم پندرہ افراد کی ہلاکت، جن میں سکیورٹی اہلکار بھی شامل ہیں، ایک انتہائی افسوسناک صورتحال ہے۔ کسی بھی مہذب معاشرے میں سیاسی اختلافات کا انجام لاشوں کی صورت میں سامنے آنا ریاست اور معاشرے دونوں کے لیے لمحۂ فکریہ ہونا چاہیے۔ جب احتجاج تشدد میں تبدیل ہو جائے یا ریاستی ردِعمل ضرورت سے زیادہ سخت ہو جائے تو نقصان دونوں طرف ہوتا ہے، مگر سب سے بڑا نقصان عوامی اعتماد کو پہنچتا ہے۔ آزاد کشمیر کی سیاست ہمیشہ سے حساس نوعیت کی رہی ہے۔ یہاں عوامی جذبات، قومی شناخت، مہاجرین کے حقوق، مقامی نمائندگی اور کشمیر کے وسیع تر مسئلے کے درمیان ایک پیچیدہ تعلق موجود ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں پیدا ہونے والا ہر سیاسی تنازع محض ایک مقامی مسئلہ نہیں رہتا بلکہ اس کے اثرات پورے خطے کی سیاسی فضا پر مرتب ہوتے ہیں۔ ایسے میں حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اختلاف رائے کو دشمنی میں تبدیل ہونے سے روکے اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے موثر سیاسی فورمز مہیا کرے۔ اس صورتحال میں ایک اور پہلو قابلِ توجہ ہے۔ اگر ایک تنظیم کے پاس ہزاروں افراد کو متحرک کرنے کی صلاحیت موجود ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اس کے پیچھے کسی نہ کسی حد تک عوامی حمایت یا کم از کم عوامی ہمدردی موجود ہے۔ ایسی صورت میں صرف پابندی لگانے سے وہ وجوہات ختم نہیں ہوتیں جنہوں نے اس تحریک کو جنم دیا۔ اصل ضرورت ان عوامل کا جائزہ لینے کی ہے جو عوام کو احتجاج پر مجبور کرتے ہیں۔ ریاستیں اس وقت مضبوط ہوتی ہیں جب وہ اختلافی آوازوں کو سننے کا حوصلہ رکھتی ہیں، نہ کہ صرف ان پر پابندیاں عائد کرتی ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ احتجاج کرنے والوں پر بھی بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ جمہوری جدوجہد اور عوامی تحریکوں کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ وہ پرامن رہیں، عوامی املاک کو نقصان نہ پہنچائیں اور قانون کی بنیادی حدود کا احترام کریں۔ اگر احتجاج تشدد، تصادم اور انتشار کی شکل اختیار کر لے تو اس کی اخلاقی اور سیاسی قوت کمزور پڑ جاتی ہے۔ لہٰذا جوائنٹ ایکشن کمیٹی یا اس سے وابستہ عناصر کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنی جدوجہد کو پرامن اور جمہوری حدود کے اندر رکھیں۔ موجودہ بحران میں سب سے زیادہ تشویشناک بات یہ ہے کہ دونوں فریق اپنے اپنے موقف پر سختی سے قائم دکھائی دیتے ہیں۔ ایک طرف حکومت ریاستی رٹ کے نام پر سخت اقدامات کر رہی ہے اور دوسری طرف احتجاجی قیادت اپنے مطالبات سے پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نظر نہیں آتی۔ ایسے حالات میں درمیانی راستہ تلاش کرنا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ سیاسی تاریخ گواہ ہے کہ اکثر تنازعات کا حل مذاکرات کی میز پر ہی نکلا ہے، سڑکوں یا جیلوں میں نہیں۔ آزاد کشمیر کی حکومت اور وفاقی حکام کو چاہیے کہ وہ اس معاملے کو صرف امن و امان کے مسئلے کے طور پر نہ دیکھیں بلکہ اس کے سیاسی، سماجی اور آئینی پہلوؤں کا بھی جائزہ لیں۔ اسی طرح احتجاجی قیادت کو بھی یہ سمجھنا ہوگا کہ کسی بھی جمہوری مطالبے کی کامیابی کے لیے پرامن اور آئینی جدوجہد ہی سب سے موثر راستہ ہے۔ اگر دونوں فریق اپنی اپنی انتہاؤں پر کھڑے رہیں گے تو نقصان صرف اداروں یا سیاسی جماعتوں کا نہیں بلکہ عام کشمیری عوام کا ہوگا۔ کشمیر پہلے ہی کئی دہائیوں سے تنازعات، غیر یقینی صورتحال اور سیاسی کشمکش کا شکار ہے۔ ایسے میں داخلی اختلافات کو مزید شدت دینا کسی کے مفاد میں نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ جذبات کے بجائے تدبر، تصادم کے بجائے مکالمہ اور پابندیوں کے بجائے سیاسی بصیرت کو ترجیح دی جائے۔ ریاست کی اصل طاقت صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں میں نہیں بلکہ عوام کے اعتماد میں ہوتی ہے، اور عوام کا اعتماد اسی وقت حاصل کیا جا سکتا ہے جب ان کی آواز کو سنا جائے، ان کے خدشات کا جواب دیا جائے اور اختلاف کو دشمنی کے بجائے جمہوری حق سمجھا جائے۔ یہی وہ راستہ ہے جو کشمیر کو ایک نئے سیاسی بحران سے نکال کر استحکام اور اعتماد کی

امریکہ ایران معاہدہ: آگے کیا

امریکہ اور ایران کے درمیان کئی مہینوں سے جاری کشیدگی، سفارتی تناؤ اور فوجی محاذ آرائی کے بعد ایک ایسے ابتدائی معاہدے کی خبر سامنے آئی ہے جس نے عالمی سیاست میں نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ اگرچہ بعض حلقے اسے مشرقِ وسطیٰ میں امن کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دے رہے ہیں لیکن بہت سے ماہرین اب بھی محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ ان کے مطابق خطے کی پیچیدہ سیاسی حقیقتوں کو دیکھتے ہوئے صرف ایک معاہدے سے دیرپا استحکام کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کی نظریں اس پیش رفت پر مرکوز ہیں اور ہر کوئی اس کے حقیقی نتائج کا انتظار کر رہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اس پیش رفت کو اپنی خارجہ پالیسی کی ایک تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاہدے سے نہ صرف خطے میں جاری کشیدگی میں کمی آئے گی بلکہ عالمی معیشت کو بھی ایک مثبت پیغام ملے گا۔ ان کا مؤقف ہے کہ جنگ اور عدم استحکام کے ماحول کے خاتمے سے بین الاقوامی تجارت کو فروغ ملے گا اور توانائی کی عالمی منڈیوں میں اعتماد بحال ہوگا۔ امریکی انتظامیہ اس معاہدے کو اپنی سفارتی کوششوں کا اہم نتیجہ قرار دے رہی ہے۔ دوسری جانب ایرانی قیادت نے اس معاہدے کو مکمل امن معاہدہ قرار دینے کے بجائے ایک ابتدائی سفارتی فریم ورک قرار دیا ہے۔ تہران کا کہنا ہے کہ کئی بنیادی اور حساس معاملات ابھی زیرِ بحث ہیں جن پر مزید مذاکرات کی ضرورت ہوگی۔ ایرانی حکام کے مطابق اگر مستقبل کے مذاکرات احترام، برابری اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر آگے بڑھتے ہیں تو مستقل امن کے امکانات روشن ہو سکتے ہیں، بصورتِ دیگر یہ عمل دوبارہ تعطل کا شکار بھی ہو سکتا ہے۔ ایران نے اپنے جوہری پروگرام کے حوالے سے آئندہ ساٹھ دن کے مذاکرات کو اس عمل کا اہم ترین مرحلہ قرار دیا ہے۔ ایرانی حکام کا مؤقف ہے کہ ان کا جوہری پروگرام توانائی، سائنسی تحقیق اور دیگر پرامن مقاصد کے لیے ہے جبکہ مغربی ممالک اس حوالے سے مزید شفافیت اور نگرانی کا مطالبہ کرتے رہے ہیں۔ یہی مسئلہ گزشتہ دو دہائیوں سے امریکہ اور ایران کے درمیان تنازعات کا مرکزی نقطہ رہا ہے۔ امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک چاہتے ہیں کہ ایران اپنے جوہری پروگرام سے متعلق بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرے اور ایسے اقدامات کرے جن سے عالمی برادری کے تحفظات دور ہوں۔ واشنگٹن کا خیال ہے کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے جوہری سرگرمیوں کے حوالے سے واضح اور قابلِ اعتماد ضمانتیں ضروری ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آنے والے مذاکرات کو اس پورے عمل کی کامیابی یا ناکامی کا فیصلہ کن مرحلہ سمجھا جا رہا ہے۔ اس معاہدے کا ایک اہم اور متنازع پہلو یہ ہے کہ اسرائیل اس کا براہِ راست حصہ نہیں ہے۔ اسرائیلی حکومت نے واضح کیا ہے کہ وہ اپنی قومی سلامتی سے متعلق فیصلوں میں مکمل خودمختاری برقرار رکھے گی اور کسی ایسے معاہدے کو قبول نہیں کرے گی جو اس کے سکیورٹی خدشات کو نظرانداز کرے۔ اسرائیلی قیادت کا مؤقف ہے کہ خطے میں بعض خطرات اب بھی موجود ہیں جنہیں نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ لبنان کے حوالے سے بھی صورتحال خاصی پیچیدہ دکھائی دیتی ہے۔ اسرائیل نے جنوبی لبنان سے فوری انخلا کے مطالبات مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرحدی علاقوں میں مکمل استحکام اور سلامتی کے بغیر کسی بھی قسم کا انخلا قبل از وقت ہوگا۔ اس مؤقف نے معاہدے کے مستقبل کے حوالے سے کئی نئے سوالات کو جنم دیا ہے اور علاقائی سیاست کو مزید حساس بنا دیا ہے۔ اسی وجہ سے متعدد بین الاقوامی مبصرین اس پیش رفت کو مکمل امن کے بجائے ایک عارضی جنگ بندی یا سفارتی وقفہ قرار دے رہے ہیں۔ ان کے مطابق اگر بنیادی تنازعات کو مستقل بنیادوں پر حل نہ کیا گیا تو مستقبل میں دوبارہ کشیدگی پیدا ہونے کے امکانات موجود رہیں گے۔ تاریخ بھی یہی بتاتی ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں کئی معاہدے اس وقت ناکام ہوئے جب اصل مسائل کو نظرانداز کیا گیا۔ اس پورے تنازع کے دوران لبنان ان ممالک میں شامل رہا جنہوں نے سب سے زیادہ نقصان برداشت کیا۔ کئی شہروں اور دیہاتوں میں بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا، رہائشی عمارتیں تباہ ہوئیں اور ہزاروں خاندان نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ جنگ کے اثرات صرف میدانِ جنگ تک محدود نہیں رہے بلکہ عام شہریوں کی روزمرہ زندگی بھی بری طرح متاثر ہوئی۔ لبنان کی پہلے ہی کمزور معیشت اس بحران کے باعث مزید دباؤ کا شکار ہو گئی۔ کاروباری سرگرمیوں میں نمایاں کمی آئی، سرمایہ کاری رک گئی اور بے روزگاری کی شرح میں اضافہ ہوا۔ ایک ایسے ملک کے لیے جو پہلے ہی معاشی مشکلات کا سامنا کر رہا تھا، یہ جنگ ایک نئے معاشی بوجھ کی صورت میں سامنے آئی۔ سیاحت، جو لبنان کی معیشت کا ایک اہم ستون سمجھی جاتی ہے اس تنازع کے باعث تقریباً مفلوج ہو کر رہ گئی۔ غیر ملکی سیاحوں کی آمد میں نمایاں کمی واقع ہوئی جبکہ مقامی کاروبار شدید مالی مشکلات سے دوچار ہو گئے۔ ماہرین کے مطابق جنگ کے اثرات ختم ہونے کے بعد بھی اس شعبے کی بحالی میں کئی سال لگ سکتے ہیں۔ تعلیمی نظام بھی اس بحران سے محفوظ نہ رہ سکا۔ متعدد اسکول اور جامعات بند ہوئیں جبکہ ہزاروں طلبہ کی تعلیم متاثر ہوئی۔ بہت سے علاقوں میں والدین اپنے بچوں کو تعلیمی اداروں میں بھیجنے سے ہچکچاتے رہے کیونکہ سکیورٹی صورتحال غیر یقینی تھی۔ صحت کا شعبہ بھی شدید دباؤ کا شکار رہا۔ کئی اسپتال زخمیوں کے بوجھ تلے دب گئے جبکہ طبی سہولیات اور ادویات کی قلت نے صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ ڈاکٹروں اور طبی عملے نے انتہائی مشکل حالات میں خدمات انجام دیں اور انسانی جانوں کو بچانے کی بھرپور کوشش کی۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں نے بھی اس جنگ کے دوران ہونے والے جانی اور مالی نقصانات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ ان تنظیموں کا کہنا ہے کہ تنازعات کا سب سے زیادہ نقصان ہمیشہ عام شہریوں کو اٹھانا پڑتا ہے جو نہ تو جنگ کے فیصلے کرتے ہیں اور نہ ہی اس سے کوئی فائدہ حاصل کرتے ہیں۔ اس پورے تنازع میں پاکستان کے کردار کو خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ مختلف سفارتی حلقوں کے مطابق پاکستان نے پسِ پردہ رابطوں، اعتماد سازی اور فریقین کے درمیان پیغامات کی ترسیل میں اہم کردار ادا کیا۔ یہی کوششیں بعد ازاں مذاکرات کی راہ ہموار کرنے میں معاون ثابت ہوئیں۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی طویل عرصے سے مذاکرات، امن اور علاقائی استحکام کے اصولوں پر زور دیتی رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد نے ہمیشہ تنازعات کے حل کے لیے سفارتی ذرائع کو ترجیح دی اور جنگ کے بجائے بات چیت کی حمایت کی۔ بعض بین الاقوامی تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ اگر پاکستان واقعی اس عمل میں موثر کردار ادا کرنے میں کامیاب ہوا تو یہ اس کی سفارتی کامیابیوں میں ایک اہم اضافہ شمار ہوگا۔ اس سے نہ صرف پاکستان کا بین الاقوامی تشخص بہتر ہوگا بلکہ خطے میں اس کی اہمیت بھی مزید بڑھ سکتی ہے۔ اس معاہدے کی خبر سامنے آنے کے بعد عالمی منڈیوں میں بھی مثبت ردِعمل دیکھنے میں آیا۔ سرمایہ کاروں نے امید ظاہر کی کہ اگر کشیدگی میں کمی آتی ہے تو تیل کی قیمتوں میں استحکام پیدا ہوگا اور عالمی تجارت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ تاہم غیر یقینی صورتحال اب بھی سرمایہ کاروں کو محتاط رہنے پر مجبور کر رہی ہے۔ آبنائے ہرمز کی اہمیت کسی سے پوشیدہ نہیں، کیونکہ دنیا کے توانائی کے ایک بڑے حصے کی ترسیل اسی سمندری راستے سے ہوتی ہے۔ اس لیے یہاں پیدا ہونے والی کسی بھی کشیدگی کے اثرات صرف مشرقِ وسطیٰ تک محدود نہیں رہتے بلکہ یورپ، ایشیا اور امریکہ سمیت پوری دنیا کو متاثر کرتے ہیں۔ سیاسی ماہرین کا کہنا ہے کہ امن معاہدوں کی اصل کامیابی دستخطوں سے نہیں بلکہ ان پر عمل درآمد سے ثابت ہوتی ہے۔ اگر فریقین اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے پورا کریں تو یہ معاہدہ خطے کے لیے ایک نئے دور کا آغاز بن سکتا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان عشروں پر محیط بداعتمادی ایک ایسی حقیقت ہے جسے مختصر مدت میں ختم کرنا آسان نہیں ہوگا۔ دونوں ممالک کو نہ صرف سیاسی بلکہ سفارتی اور عوامی سطح پر بھی اعتماد سازی کے اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ مستقبل میں تنازعات کے امکانات کم ہو سکیں۔ علاقائی طاقتوں کا کردار بھی اس پورے عمل میں نہایت اہم ہوگا۔ اگر مشرقِ وسطیٰ کے ممالک اس پیش رفت کو مضبوط بنانے میں تعاون کرتے ہیں تو امن کے امکانات بڑھ سکتے ہیں، لیکن اگر اختلافات برقرار رہے تو صورتحال دوبارہ پیچیدہ ہو سکتی ہے۔ بین الاقوامی برادری اس معاہدے کو امید اور احتیاط دونوں زاویوں سے دیکھ رہی ہے۔ امید اس لیے کہ شاید ایک طویل اور خطرناک تنازع اپنے اختتام کے قریب پہنچ رہا ہے اور احتیاط اس لیے کہ کئی بنیادی مسائل اب بھی مکمل طور پر حل نہیں ہوئے۔ لبنان، غزہ اور دیگر متاثرہ علاقوں کے عوام کی سب سے بڑی خواہش یہی ہے کہ یہ سفارتی کوششیں صرف سیاسی بیانات تک محدود نہ ہوں بلکہ حقیقی امن، تعمیرِ نو، اقتصادی بحالی اور انسانی زندگی کے تحفظ کا ذریعہ بنیں۔ جنگوں کی تباہ کاریوں سے گزرنے والے عوام اب مزید خونریزی نہیں بلکہ استحکام اور خوشحالی کے متلاشی ہیں۔ یہ معاہدہ بلاشبہ ایک اہم سفارتی پیش رفت تصور کیا جا سکتا ہے لیکن اس کی حقیقی کامیابی کا فیصلہ آنے والے ہفتوں اور مہینوں میں ہوگا۔ اگر فریقین اپنے حصوں پر قائم رہے اور مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھا گیا تو یہ معاہدہ مشرقِ وسطیٰ میں امن کے ایک نئے باب کا آغاز بن سکتا ہے بصورتِ دیگر تاریخ کے کئی نامکمل معاہدوں کی طرح ایک اور عارضی وقفہ ثابت ہو سکتا ہے۔

پیالے سے لوگ خاموش ایوان

تحریر: یاسر ذوالفقار چوہدری ایڈووکیٹ

چند روز قبل سوشل میڈیا پر جنوبی پنجاب کے ضلع ڈی جی خان کے علاقے زندہ پیر کی ایک ویڈیو دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ ویڈیو میں نہ کوئی سیاسی نعرہ تھا، نہ کسی جماعت کے حق یا مخالفت میں تقریر۔ وہاں صرف پیاس تھی، محرومی تھی اور زندگی کی بنیادی ضرورت کے لیے اٹھتی ہوئی صدائیں تھیں۔ شدید گرمی کے عالم میں چند افراد یہ بتا رہے تھے کہ ان کے علاقے میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت ہے۔ ایک مقامی سیمنٹ فیکٹری ہر تیسرے روز پانی کا ایک ٹینکر بھیجتی ہے مگر یہ ضرورت کے مقابلے میں نہایت کم ہے۔ بعض گھروں تک پانی پہنچ جاتا ہے اور بعض لوگ خالی برتنوں کے ساتھ واپس لوٹ جاتے ہیں۔ ویڈیو ختم ہوئی تو ذہن میں ایک سوال مسلسل گردش کرتا رہا کہ واقعی ہم ترقی کے اس دور میں بھی اپنے شہریوں کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے؟ یہ مسئلہ صرف زندہ پیر کا نہیں۔ پاکستان کے متعدد دیہی، صحرائی اور پسماندہ علاقوں میں لاکھوں لوگ آج بھی صاف پانی کی بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ کہیں خواتین میلوں دور سے پانی لاتی ہیں، کہیں بچے تعلیم کے بجائے پانی کی تلاش میں وقت گزارتے ہیں، اور کہیں لوگ بارش کے جمع شدہ پانی پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ کئی علاقوں میں انسان اور جانور ایک ہی جوہڑ سے پانی پیتے ہیں۔ یہ منظر کسی صدیوں پرانے دور کا نہیں بلکہ ہمارے عہد کی حقیقت ہے۔ زمین کا تقریباً اکہتر فیصد حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے مگر اس میں سے تقریباً ننانوے فیصد پانی سمندروں کا کھارا پانی ہے۔ صرف تین فیصد پانی میٹھا ہے اور اس میں سے بھی بیشتر حصہ برفانی ذخائر اور زیرِ زمین تہوں میں محفوظ ہے۔ انسان کے براہِ راست استعمال کے لیے دستیاب پانی دنیا کے کل پانی کا ایک نہایت معمولی حصہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا کے ترقی یافتہ ممالک پانی کو قومی سلامتی، اقتصادی ترقی اور انسانی بقا کا مسئلہ قرار دے رہے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان بھی ان ممالک میں شامل ہو چکا ہے جہاں پانی کی دستیابی تیزی سے کم ہو رہی ہے۔ ماہرین برسوں سے خبردار کر رہے ہیں کہ اگر پانی کے ذخائر، آبی منصوبوں اور پانی کے ضیاع کو روکنے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والے برسوں میں صورتحال مزید مراعات لیں، جب بہاول پور سے یزمان منڈی کی جانب سفر کریں تو اندازہ ہوگا کہ بیس سال میں ریگستان نے ہریالی کی چادر اوڑھ لی ہے۔ جس طرح یزمان منڈی بابِ چولستان کے دروازے پر خوش آمدید کہتا ہے اُس کا اپنا ہی حُسن ہے۔ یزمان منڈی سے فورٹ عباس اور فورٹ عباس سے بہاولنگر کا سفر انسان کو لکیروں کے سفر پر لے جاتا ہے جس کے دونوں طرف لگی باڑھ یہ بتاتی ہے لکیریں انسان کو تقسیم کر دیتی ہیں۔ اس کے بعد آپ بہاولنگر میں داخل ہوتے ہیں تو آپ کو دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے کہ ریلوے اسٹیشن پر ریلوے لائن ہی نہیں ہے۔ اس ایریا میں پٹری کے نشانات ہیں مگر پٹری پر لائن نہیں ہے، کھنڈرات کی شکل میں عمارتیں کھڑی ہیں جو اس بات کا نوحہ سناتی ہیں کہ مانچسٹر کی منڈی میں جب کپاس کی ضرورت تھی تو ریل کی لائن پورے ہند میں گھوم جاتی تھی مگر آج حالت یہ ہے کہ نہ

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

سخت پر قابلِ تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی کے جوان فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں، جو پوری قوم کے لیے فخر کا باعث ہے۔ وزیر داخلہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا اور فتنہ الخوارج سمیت تمام دہشت گرد عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر سختی سے عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور انٹیلی جنس ایجنسیاں دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے ایک مضبوط اور مربوط حکمتِ عملی کے تحت کام کر رہی ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ محسن نقوی نے قوم سے بھی اپیل کی کہ وہ سیکیورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ ملک کو امن و استحکام کا گہوارہ بنایا جا سکے اور دہشت گردی کی ہر شکل کو جڑ سے ختم کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

یشن کے دوران 5 خطرناک دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی نے بتایا کہ فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر ان کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مارا، تاہم وہاں موجود دہشت گردوں نے ٹیم کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی۔ سی ٹی ڈی اہلکاروں کی جانب سے کی گئی بھرپور جوابی کارروائی اور شدید فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشت گرد موقع پر ہی مارے گئے۔ ترجمان نے انکشاف کیا کہ ہلاک ہونے والے دہشت گرد پنجاب کے مختلف شہروں اور اہم تنصیبات پر حملوں کی باقاعدہ منصوبہ بندی مکمل کر چکے تھے، جسے بروقت کارروائی کر کے ناکام بنا دیا گیا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے ہولناک اسلحہ اور دھماکا خیز مواد برآمد ہوا ہے جس میں ایک خودکش جیکٹ، دستی بم، ایس ایم جیز بھاری تعداد میں گولیاں اور بارودی مواد شامل ہے۔ واقعے کے بعد انٹک کے سرحدی اور قبرستی علاقوں کو گھیرے میں لے کر مزید ممکنہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن تیز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

لرٹ جاری کر دیا ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک سلسلہ ملک کے بالائی اور شمالی علاقوں کو متاثر کرے گا، جس کے باعث تیز ہوائیں، گرج چمک کے ساتھ بارش اور بعض مقامات پر ژالہ باری متوقع ہے۔ الرٹ کے مطابق اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف علاقوں، جن میں راولپنڈی، مری، اٹک، چکوال، ملہ گنگ، منڈی بہاؤالدین، سرگودھا، گوجرخان، گجرات، جہلم، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، حافظ آباد، فیصل آباد، خوشاب، جھنگ، ڈیرہ غازی خان، قصور، اوکاڑہ، ساہیوال، بہاولپور اور رحیم یار خان شامل ہیں، میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اسی طرح گلگت بلتستان، آزاد کشمیر، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور سندھ کے متعدد اضلاع میں بھی بارشوں اور تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ این ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ 16 سے 19 جون کے دوران خیبر پختونخوا، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارشوں اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے باعث سیلابی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے۔ تیزی سے پگھلتے گلیشیئرز اور برفانی جھیلوں کے بند ٹوٹنے سے پہاڑی ندی نالوں میں شدید پانی کے بہاؤ اور گلیشیائی جھیلوں کے سیلاب (گلاف) کا خطرہ موجود ہے، حسن آباد، شہسپر، گلگن، گلمیت، پاسو، نگر، غزر، سکردو اور شگر کو زیادہ حساس علاقے قرار دیا گیا ہے۔ اتھارٹی کے مطابق شدید بارشوں، سیلابی صورتحال اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث رابطہ سڑکوں کی بندش کا بھی خدشہ ہے

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

مطابق برطانیہ کی کورٹ آف اپیل نے پیر کے روز فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے فلسطین ایکشن کو دہشت گردی کے قوانین کے تحت کالعدم قرار دینا قانونی طور پر درست ہے۔ عدالت نے اس طرح ایک نچلی عدالت کے اس فیصلے کو کالعدم کر دیا جس میں تنظیم پر پابندی کو غیر قانونی اور غیر متناسب قرار دیا گیا تھا۔ عدالتی فیصلے کے بعد برطانیہ کے مختلف علاقوں میں فلسطین ایکشن کے حامیوں نے احتجاج کیا، جس دوران متعدد افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گرفتاریاں عوامی نظم و ضبط اور نافذ قوانین کے تحت عمل میں لائی گئیں۔ دوسری جانب فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے برطانوی عدالت کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے سیاسی دباؤ کے تحت کیا گیا فیصلہ قرار دیا ہے۔ حماس کے بیان میں کہا گیا کہ اس پابندی کا مقصد فلسطینی حقوق کی حمایت کرنے والی آوازوں کو خاموش کرنا اور غزہ میں جاری اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف احتجاج کو محدود کرنا ہے۔ حماس کے مطابق فلسطین ایکشن پر پابندی انسانی حقوق اور اظہارِ رائے کی آزادی کے خلاف اقدام ہے۔ تنظیم نے کہا کہ فلسطینی عوام کے حق میں آواز اٹھانے والوں کو دبانے کی کوششیں مسئلے کا حل نہیں بلکہ مزید تنازعات کو جنم دیں گی۔ واضح رہے کہ برطانوی حکومت نے فلسطین ایکشن کو ٹیررازم ایکٹ 2000 کے تحت کالعدم قرار دیا تھا۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ تنظیم کی بعض سرگرمیاں قومی سلامتی اور عوامی تحفظ کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں، جبکہ انسانی حقوق کی متعدد تنظیمیں اس فیصلے کو شہری آزادیوں کے خلاف قرار دے رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

ڈی پی) کے تحت مجموعی طور پر 3560 منصوبوں کو شامل کرنے کی تجویز ہے۔ دستاویزات کے مطابق 752 ارب روپے میں سے 493 ارب 25 کروڑ روپے جاری ترقیاتی اسکیموں جبکہ 258 ارب 75 کروڑ روپے نئی ترقیاتی اسکیموں کے لیے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اسی طرح 3117 جاری ترقیاتی اسکیموں کے لیے 353 ارب 84 کروڑ روپے لوکل فنڈ اور 139 ارب 40 کروڑ روپے فارن فنڈنگ رکھی گئی ہے، جبکہ 420 نئی ترقیاتی اسکیموں کے لیے 254 ارب روپے لوکل اور 4 ارب 68 کروڑ روپے فارن فنڈنگ تجویز کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ مالی سال 2025-26 میں 1240 ارب روپے کا ترقیاتی بجٹ منظور کیا گیا تھا، جبکہ رواں سال ترقیاتی منصوبوں کے لیے صرف 752 ارب روپے تجویز کیے گئے ہیں۔ اس طرح گزشتہ سال کے مقابلے میں ترقیاتی بجٹ میں 488 ارب روپے کی کمی کی گئی ہے۔ گزشتہ سال 5755 منصوبے بجٹ کا حصہ تھے جبکہ رواں سال یہ تعداد 3560 رہ گئی ہے، یعنی 2195 منصوبے کم کر دیے گئے ہیں۔ اسی طرح گزشتہ سال 1662 نئے منصوبے شامل کیے گئے تھے جبکہ رواں سال صرف 420 نئے منصوبے شامل کیے جانے کی تجویز ہے۔ دوسری جانب جاری منصوبوں کی تعداد 1442 سے بڑھ کر 3117 ہو گئی ہے اور ترقیاتی اخراجات کا بڑا حصہ ان منصوبوں کی تکمیل پر خرچ کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ ترقیاتی پروگرام میں نواز شریف کینسر اسپتال لاہور کے لیے آئندہ مالی سال میں 20 ارب روپے رکھنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ ڈی جی خان میں کلثوم نواز کینسر اسپتال کے قیام کی تجویز بھی شامل ہے۔ اس منصوبے کی مجموعی لاگت 15 ارب روپے بتائی گئی ہے اور آئندہ مالی سال کے لیے 80 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ پروگرام کے لیے 15 ارب 69 کروڑ روپے، کسان کارڈ پروگرام کے لیے 2 ارب 47 کروڑ روپے، کسان کارڈ فیز ٹو کے لیے 6 ارب 75 کروڑ روپے، لائیو اسٹاک کارڈ فیز ٹو کے لیے ایک ارب روپے اور وزیر اعلیٰ پرواز کارڈ برائے انٹرنیشنل پلیسمنٹ پروگرام کے لیے 30 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ تعلیمی شعبے میں میاں نواز شریف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی قصور کے قیام کے لیے مجموعی طور پر ساڑھے 9 ارب روپے لاگت کا منصوبہ تجویز کیا گیا ہے، جبکہ آئندہ مالی سال کے لیے 20 کروڑ روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اسی طرح شہباز شریف اسپورٹس کمپلکس قصور کے لیے 2 کروڑ 61 لاکھ روپے، شہباز شریف اسپورٹس جمنازیم گجرانوالہ کے لیے 2 کروڑ روپے اور نواز شریف اسپورٹس گراؤنڈ سیالکوٹ کے لیے ڈیڑھ کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ صحت کے شعبے میں نواز شریف میڈیکل ڈسٹرکٹ لاہور کے لیے 169 ارب روپے کے منصوبے کی تیاری کی گئی ہے، جبکہ آئندہ مالی سال کے لیے 2 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ مریم نواز ہیلتھ کلینک کے لیے 61 کروڑ روپے اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف خود مختار پروگرام کے لیے 5 کروڑ 90 لاکھ روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ دیگر منصوبوں میں مریم نواز شریف لیڈیز پارک سٹی پسرور کے لیے 2 کروڑ روپے، مریم نواز شریف فیملی پارک ڈنگہ ضلع گجرات کے لیے ایک کروڑ روپے، نواز شریف اسٹیڈیم ننکانہ صاحب میں واٹر سپلائی، فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر و مرمت کے لیے 3 کروڑ 30 لاکھ روپے اور نواز شریف روڈ تا ایمن آباد روڈ سیالکوٹ کی تعمیر و مرمت کے لیے 3 کروڑ 10 لاکھ روپے مختص کرنے کی تجویز شامل ہے۔ اس کے علاوہ مریم نواز اسپورٹس سٹی لاہور کے لیے 50 ارب روپے لاگت کا منصوبہ تجویز کیا گیا ہے جس کے لیے آئندہ مالی سال میں 11 کروڑ روپے رکھنے کی سفارش کی گئی ہے، جبکہ ہر ڈویژنل سطح پر مریم نواز آئزم اسکول قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کی مجموعی لاگت ساڑھے 4 ارب روپے بتائی گئی ہے اور آئندہ مالی سال کے لیے ایک ارب 90 کروڑ روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

سفارتی چالوں کے ذریعے واشنگٹن کو اپنی مرضی کے مطابق کھیلنے پر مجبور کیا۔ بولٹن جو طویل عرصے سے ایران کے سخت ناقد سمجھے جاتے ہیں، نے اپنے بیان میں دعویٰ کیا کہ ایرانی قیادت نے وقت حاصل کرنے اور اپنے اسٹریٹجک مفادات کو آگے بڑھانے کے لیے مذاکراتی عمل کو مؤثر انداز میں استعمال کیا۔ بولٹن کے مطابق امریکی انتظامیہ نے بعض مواقع پر ایران کے ارادوں اور حکمتِ عملی کا درست اندازہ نہیں لگایا۔ سابق مشیر کا کہنا تھا کہ ایران برسوں سے پیچیدہ سفارتی حربے استعمال کرتا آیا ہے اور بین الاقوامی مذاکرات میں اپنے مقاصد کے حصول کے لیے صبر اور مستقل مزاجی سے کام لیتا ہے۔ انہوں نے استدلال کیا کہ اگر کسی فریق کو مذاکرات سے زیادہ سیاسی یا سفارتی فائدہ حاصل ہو تو اسے کامیاب حکمتِ عملی قرار دیا جا سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

سلسلے میں دونوں فریقین کے درمیان مذاکرات کا عمل جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے فنانس بل 2026-27 میں شامل مختلف ٹیکس رعایتوں کی مکمل تفصیلات جاری کرنے سے گریز کیا ہے اور مؤقف اختیار کیا ہے کہ بجٹ اقدامات کی تمام تفصیلات فی الحال ظاہر نہیں کی جا سکتیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تنخواہ دار طبقے کو دیے گئے ٹیکس ریلیف سے قومی خزانے پر نمایاں مالی بوجھ پڑنے کا امکان ہے، جبکہ سپر ٹیکس کے خاتمے یا مرحلہ وار کمی سے بھی حکومتی محصولات میں کمی متوقع ہے۔ اسی طرح برآمد کنندگان کے لیے ٹیکس شرح میں کمی اور ریئل اسٹیٹ لین دین پر ٹیکسوں میں ممکنہ نرمی کے اقدامات بھی ریونیو پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مختلف ٹیکس رعایتوں کے باعث قومی خزانے پر مجموعی طور پر تقریباً 360 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ حکومت اور آئی ایم ایف اس ممکنہ خسارے کے ازالے کے لیے متبادل ریونیو اقدامات پر مشاورت کر رہے ہیں، تاہم ٹیکس ریلیف پیکیج کے مالی اثرات سے متعلق مکمل اعداد و شمار تاحال منظرِ عام پر نہیں لائے گئے۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

پر کام کر رہا ہے اور دو طرفہ قرضوں کو کمرشل فنانسنگ سے تبدیل کرنے کا منصوبہ ہے۔ پاکستان مزید پانڈا، یورو اور ڈالر بانڈز جاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ محمد اورنگزیب نے یہ بھی کہا کہ ڈیجیٹل اثاثوں کو مستقبل میں ٹیکس نیٹ میں لایا جائے گا۔ پاکستان کرپٹو، ٹوکنائزیشن اور ڈیجیٹل ایکسچینج کو ریگولیٹ کرے گا۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ دفاعی صنعت میں عالمی دلچسپی بڑھی، تاہم برآمدات کا اندازہ لگانا قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر بابر شہزاد عمران نے مؤقف اختیار کیا کہ ٹک ٹاک پر بے ہودہ ویڈیوز اپ لوڈ کی جاتی ہیں جس سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہو رہا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ عدالت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) سے فائر وال کے حوالے سے رپورٹ طلب کی تھی۔ اس پر پی ٹی اے کے وکیل جہانزیب محسود نے عدالت کو آگاہ کیا کہ مطلوبہ رپورٹ جمع کرا دی گئی ہے۔ پی ٹی اے کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ٹک ٹاک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا نظام ایسا ہے کہ اگر کوئی صارف ایک مخصوص قسم کی ویڈیو دیکھتا ہے تو بعد میں اسی نوعیت کا مزید مواد اس کے سامنے آتا رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخواست گزار کی جانب سے مخصوص مواد کو کنٹرول کرنے کی بات کی جا رہی ہے، تاہم صرف مخصوص مواد کو بلاک کرنا بہت مشکل کام ہے۔ وکیل پی ٹی اے نے عدالت کو بتایا کہ اتھارٹی اس حوالے سے کام کر رہی ہے اور متعدد اکاؤنٹس بلاک بھی کیے جا چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جس اکاؤنٹ کے بارے میں شکایت موصول ہوتی ہے، اسے بلاک کر دیا جاتا ہے۔ اس موقع پر جسٹس اعجاز انور نے ریمارکس دیے کہ اگر کوئی سیاسی پوسٹ ہو اور حکومت اسے بلاک کرنا چاہے تو وہ فوری طور پر بلاک ہو جاتی ہے، پھر اس نوعیت کے مواد کو کیوں کنٹرول نہیں کیا جا سکتا۔ اس پر وکیل نے بتایا کہ اب سوشل میڈیا کے کنٹرول کے لیے الگ ادارہ قائم کیا گیا ہے۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی قائم ہو چکی ہے اور اب یہی ادارہ ایسے معاملات کو دیکھتا ہے۔ درخواست گزار کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ اگر حکومت ٹک ٹاک کو کنٹرول نہیں کرتی تو لوگ اس کے خلاف باہر نکلیں گے، لہٰذا نجی اتھارٹی سے بھی جواب طلب کیا جائے۔ عدالت نے درخواست گزار کی استدعا منظور کرتے ہوئے سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی سے رپورٹ طلب کر لی اور مزید سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

میں شریک ہوا، ہمارے جوانوں کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی۔ ہمارے جوان قربانیاں دے رہے ہیں، بچے یتیم ہو رہے ہیں، افغانستان سے دہشتگردی کے مسئلے پر پوائنٹ سکورنگ نہیں ہونی چاہیے، ہمارے جوان ان کے ہاتھوں شہید ہو رہے ہیں جن کی برسوں میزبانی کی، ایران پر پابندیوں میں نرمی پاکستان اور بلوچستان کیلئے فائدہ مند ہوگی۔ ''دنیا نیوز'' کے مطابق خواجہ آصف نے کہا کہ ایوان میں ایک دوسرے پر بے بنیاد الزام تراشی نہیں ہونی چاہیے، ایوان کا تقدس کسی صورت پامال نہیں ہونا چاہیے، پاکستان کو بڑی سفارتی کامیابی حاصل ہوئی، ایران ، امریکہ معاہدے سے پاکستان کے وقار میں مزید اضافہ ہوا، پاکستان نے سفارتی کوششوں کو کامیابی سے ہمکنار کیا۔ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا، پاکستان کا نام اونچا ہونا سب پاکستانیوں کیلئے باعث فخر ہے، مودی بھی صدر ٹرمپ کو مبارکباد دے رہا تھا، مودی میں ہمت نہیں کہ پاکستان کا شکریہ ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی تاریخ میں ایسے لمحات بڑی مدت کے بعد آتے ہیں، بلوچستان میں امن کیلئے سب کو ملکر کام کرنا ہے، پاکستان نے 40 سال افغان مہاجرین کی میزبانی کی، افغانستان کے ساتھ دہشتگردی کے معاملے پر مذاکرات کیے، قطر اور ترکیہ کے ذریعے بھی مذاکرات ہوئے لیکن نتیجہ خیز ثابت نہ ہو سکے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

کی تصور کیا جائے گا۔ تہران میں سفارت کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے عباس عراقچی نے کہا کہ لبنان میں اسرائیلی قبضے کا جاری رہنا ناقابل قبول ہے اور ایران اسے معاہدے کی روح کے منافی سمجھے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اب لبنان کے خلاف کسی بھی نئے اسرائیلی حملے کو ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ نے زور دیا کہ ایران اور امریکا کے درمیان طے پانے والے سمجھوتے کا مقصد خطے میں کشیدگی کا خاتمہ اور تمام محاذوں پر امن کا قیام ہے، اس لیے لبنان میں جاری تنازع بھی اس عمل کا اہم حصہ ہے۔ عباس عراقچی نے مزید کہا کہ جنگ کے خاتمے کا باضابطہ اعلان پیر کی صبح تہران کے وقت کے مطابق اس وقت کیا گیا جب امریکا اور ایران کے درمیان معاہدے کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ان کے مطابق مفاہمتی یادداشت جمعے کے روز باضابطہ طور پر نافذ العمل ہو جائے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ معاہدے کے نفاذ کے بعد خطے میں استحکام پیدا ہوگا، تاہم اس کے لیے ضروری ہے کہ تمام فریق اپنی ذمہ داریوں پر عمل کریں اور کسی بھی ایسے اقدام سے گریز کریں جو امن عمل کو متاثر کر سکتا ہو۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

مطابق حکومت نے بجٹ کے سلسلے میں پارٹی سے کیے گئے اپنے وعدے پورے نہیں کیے۔ رابطے کے دوران حکومتی شخصیت نے پیپلز پارٹی کے تمام تحفظات وزیر اعظم تک پہنچانے کی یقین دہانی کرائی ہے اور موقف اختیار کیا ہے کہ بجٹ پر تحفظات دور کر کے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے۔ دوسری جانب پیپلز پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ بجٹ کے تحفظات پر حکومت کے باضابطہ جواب کا انتظار کرے گی اور حکومتی ردعمل کے مطابق ہی بجٹ کے حوالے سے اپنی اگلی حکمت عملی طے کی جائے گی۔ ذرائع نے مزید بتایا ہے کہ اس سلسلے میں جلد ہی حکومت اور پیپلز پارٹی کی بجٹ ٹیموں کے درمیان ملاقات کا بھی امکان ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

بڑا بینچ تشکیل دینا ضروری نہیں ہے۔ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے مقدمے کی سماعت کی، اس دوران پی ٹی سی ایل ملازمین کی جانب سے سابق جج شوکت عزیز صدیقی عدالت میں پیش ہوئے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے اس معاملے میں فیصلہ دیا تھا جبکہ وفاقی آئینی عدالت کا موجودہ 2 رکنی بینچ اس کیس کی سماعت کر رہا ہے۔ اس موقع پر چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ اس حوالے سے عدالت کے متعدد فیصلے موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے فکر رہیں، ہمارا یہ 2 رکنی بینچ ہی کافی ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف سماعت کے لیے بڑے بینچ کی ضرورت نہیں۔ بعد ازاں عدالت نے پی ٹی سی ایل ملازمین سے متعلق تمام مقدمات کو یکجا کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ یہ سماعت چیف جسٹس امین الدین خان اور جسٹس ارشد حسین شاہ پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے کی تھی۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

(بقیہ نمبر) ٹس کے مطابق ہادی حطیط جنوبی لبنان میں اسرائیلی کارروائیوں پر رپورٹنگ کر رہے تھے اور اسی دوران حملے کے نتیجے میں زخمی ہو گئے۔ صحافی کا کہنا ہے کہ وہ موقع پر اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے رہے تھے اور ان کے جسم پر واضح طور پر پریس جیکٹ موجود تھی، جس کے باوجود وہ حملے کی زد میں آ گئے۔ ذرائع کے مطابق زخمی صحافی کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد صحافتی حلقوں اور میڈیا تنظیموں کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ جنگی اور تنازعات والے علاقوں میں صحافیوں کی حفاظت کے حوالے سے ایک بار پھر سوالات اٹھائے جا رہے ہیں، جبکہ بین الاقوامی ادارے صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دے رہے ہیں۔ لبنان اور اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی کے دوران متعدد صحافی پہلے بھی حملوں اور فائرنگ کے واقعات کا نشانہ بن چکے ہیں، جس کے باعث خطے میں میڈیا نمائندوں کے لیے فرائض کی انجام دہی مزید خطرناک ہوتی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

ٹی آئی کے تمام ارکان پنجاب اسمبلی آج اڈیالہ جیل کے باہر نہیں بجٹ اجلاس میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ اجلاس میں عوام کی بھرپور نمائندگی کی جائے گی۔ اپوزیشن بجٹ اجلاس میں عوامی ایشو کے ساتھ بانی پی ٹی آئی کی رہائی سمیت دیگر ایشوز پر احتجاج کرے گی۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

ٹس کے مطابق یقین یا ہونے ایک پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ اسرائیل جنوبی لبنان میں قائم اپنے سکیورٹی زون میں جب تک ضرورت ہوگی موجود رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل اپنی قومی سلامتی اور سرحدی علاقوں کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات جاری رکھے گا۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیل اس وقت لبنان کے تقریباً 570 مربع کلومیٹر علاقے پر قابض ہے، جبکہ شام کے بعض علاقوں میں بھی اس کی فوجی موجودگی برقرار ہے۔ یقین یا ہو کے اس بیان کو امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے مجوزہ معاہدے کے لیے ایک نیا چیلنج قرار دیا جا رہا ہے، کیونکہ معاہدے کی بعض غیر مصدقہ تفصیلات میں لبنان میں مکمل اور مستقل جنگ بندی کا ذکر کیا گیا ہے۔ اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا کہ اسرائیل ایران کے حمایت یافتہ گروہوں کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھے گا اور خطے میں کسی بھی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہے گا۔ انہوں نے یہ بھی اعتراف کیا کہ بعض معاملات میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ ان کے اختلافات موجود ہیں، تاہم اسرائیل کی سلامتی ان کی اولین ترجیح ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے بھی اعلان کیا ہے کہ اسرائیلی فوج لبنان، شام اور غزہ میں اپنے زیرِ قبضہ علاقوں سے انخلا نہیں کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ فوجی موجودگی کا مقصد اسرائیلی شہریوں اور سرحدوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق نیتن یاہو کے حالیہ بیانات امریکا اور ایران کے درمیان جاری سفارتی کوششوں کو مزید پیچیدہ بنا سکتے ہیں، جبکہ لبنان میں ممکنہ جنگ بندی کے امکانات پر بھی سوالات اٹھنے لگے ہیں۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

کیلئے ٹینکوں کا پانی منقطع کر دیا۔ علاوہ ازیں اسرائیل انتہا پسند ہل ٹاپ یوتھ گروپ نے آبادکاری بڑھانے کیلئے 89.1 ملین ڈالر بطور معاونت کے مختص کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ ذرائع نے ترک نیوز ایجنسی کو بتایا کہ آبادکاروں نے فلسطینی اراضی کو بلڈوز کیا اور رام اللہ کے شمال مغرب میں واقع گاؤں کو پانی سپلائی کرنے والی مین پائپ لائن کو تباہ کر دیا جبکہ علاقے میں ایک نئی غیر قانونی آبادکاری کی سڑک ہموار کی۔ حملے سے گاؤں میں پانی آنا بند ہو گیا ہے۔ ام صفا نے اسرائیلی آبادکاروں کی طرف سے غیر قانونی بستیوں اور چوکیوں کے اردگرد کام کرنے والے بڑھتے ہوئے حملوں کا مشاہدہ کیا ہے، جو فلسطینیوں کو اپنی کھیتی کی زمین تک رسائی سے روک رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

نے عملے کو نئی پالیسی پر لازمی عمل درآمد کی ہدایت کرتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ خلاف ورزی پر کریو کو فوری معطل اور انکوائری کا سامنا کرنا پڑے گا۔ واضح رہے کہ کسٹمز قوانین کے مطابق کریو کو مخصوص تعداد میں سگریٹ رکھنے کی اجازت ہے۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

بچی کی جان گئی۔ ایس پی نے کہا کہ ڈاکو کی نشاندہی کی تصدیق پر ہی فائرنگ کی جا سکتی ہے، پہلے گاڑی کے ٹائر پر فائرنگ نہ کرنا بھی سنگین غلطی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ فیملی کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا ہے، ملوث اہلکاروں کو حراست میں لیا، یقینی بنا رہے ہیں کہ واقعے کی شفاف تحقیقات ہوں۔ شاہ میر خالد نے کہا کہ فیملی نے سی سی ڈی کی تحقیقات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے، واقعے کے فوری بعد ڈی آئی جی سی سی ڈی نے فیملی سے ملاقات کی۔ انہوں نے کہا کہ کیس کا چالان 72 گھنٹے میں عدالت میں جمع کروا دیا جائے گا جس کے بعد سی سی ڈی تیز ٹرائل کی درخواست دے گی۔ ایس پی نے کہا کہ اپنے اہلکار کی غلطی کو مانتے ہوئے کیس فائل کیا ہے۔ واقعے کی تمام تحقیقات کو عوام کے سامنے لائیں گے۔ واضح رہے کہ چکوال میں پیش آنے والے اس افسوسناک واقعے میں سی سی ڈی اہلکاروں کی مبینہ فائرنگ سے 9 سالہ بچی ہانیہ احمد جاں بحق جبکہ اس کے والد اور بھائی زخمی ہو گئے تھے۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

ادف قرار دیا جا رہا ہے، جس کے بعد سوشل میڈیا اور سیاسی حلقوں میں ایک نئی بحث چھڑ گئی ہے۔ یہ تنازع اس وقت مزید بڑھ گیا جب کوئٹہ میں ایک لیڈی ڈاکٹر پر حالیہ تیزاب پھینکنے کے واقعے کا حوالہ سامنے آیا، جس نے اس بحث کو ایک بار پھر زندہ کر دیا کہ پاکستان میں تیزاب گردی جیسے سنگین جرائم آج بھی ایک تلخ حقیقت ہیں۔ ناقدین کے مطابق ایسے وقت میں اس نوعیت کے تبصرے متاثرین کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہیں۔ ٹی وی پروگرام کے دوران ہونے والی گفتگو میں جب خواتین کے حقوق اور تیزاب گردی کے متاثرین کے مسائل پر بات کی جا رہی تھی تو خلیل الرحمان قمر نے یہ جملہ کہا کہ ''ایسا لگتا ہے جیسے مرد اپنی جیبوں میں تیزاب کی بوتلیں لے کر گھومتے ہیں۔'' ان کے اس ریمارکس کو فوری طور پر غیر مناسب اور حساسیت سے عاری قرار دیا گیا۔ سوشل میڈیا پر بھی اس بیان پر سخت ردعمل دیکھنے میں آیا ہے، جہاں صارفین کا کہنا ہے کہ ایسے بیانات نہ صرف متاثرین کی تکلیف کو کم ظاہر کرتے ہیں بلکہ معاشرتی سطح پر شعور بیدار کرنے کی کوششوں کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔

بقیہ نمبر 21 ☆.....☆

کے والد کی ٹانگ پر بھی گولی ماری جو اپنے بیٹے کو گود میں اٹھائے ہوئے تھے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ یہ جوڑا ایلو لائن ※ کے علاقے سے باہر تھا جب فوجیوں نے ایک متروک مکان سے فائرنگ کی۔ 3 سالہ بچے کی شناخت ریان نام سے ہوئی جس کی موت کی تصدیق الاقصیٰ کے شہداء اسپتال میں کی گئی جب کہ والد زیر علاج ہیں۔

بقیہ نمبر 22 ☆.....☆

توقعات ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان بی ٹو بی تعلقات میں روز بروز بہتری آ رہی ہے، امن معاہدہ خطے میں امن و استحکام کے فروغ کیلئے کی جانے والی سفارتی کوششوں کی کامیابی کا مظہر ہے۔ پیر کو سینیٹ کیلئے کی جانے والی پارٹی کو شوکی کا میابی ک ظلم ہے ہی کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس کے دوران وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ہماری سمت بڑی واضح ہے سپر ٹیکس کو ختم کرتا ہے، ہم ہر سال سپر ٹیکس کے خاتمے کی مزید کوشش کرتے رہیں گے۔ دوران اجلاس رکن کمیٹی سینیٹر عبدالقادر نے تجویز پیش کی کہ سپر ٹیکس میں استثنیٰ کی حد 50 کروڑ کی بجائے ایک ارب کر دیں۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ حد ایک ارب کرنے کیلئے پھر 250 ارب کے نئے ٹیکس اقدامات کرنے ہونگے۔ قبل ازیں پاکستان سٹاک ایکسچینج میں سروس لانگ مارچ ٹائرز لمیٹڈ کی لسٹنگ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے

پنجاب میں محرم کے دوران تھیٹرز مکمل طور پر بند

محرم الحرام کے دوران سکیورٹی سخت انتظامات۔ مذہبی ہم آہنگی کیلئے اقدامات جاری ہیں

لاہور (پی پی اے) حکومت پنجاب نے محرم الحرام کے تقدس احترام اور مذہبی عقیدت کے پیش نظر صوبے بھر کے تمام تھیٹرز یکم محرم سے 13 محرم الحرام تک بند رکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے اس حوالے سے پنجاب آرٹس کونسل کی جانب سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق محرم الحرام کے دوران کسی بھی تھیٹر میں ڈرامہ اسٹیج شو موسیقی کی محفل یا ثقافتی پروگرام منعقد نہیں کیا جاسکے گا تمام تھیٹر مالکان اور انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے دریں اثنا یوم عاشور کے موقع پر ملک بھر میں سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مجالس اور جلوسوں کے روٹس سکیورٹی پلان ٹریفک انتظامات اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لے رہے ہیں حکام کے مطابق محرم الحرام کے دوران امن

دامان کے قیام مذہبی ہم آہنگی کے فروغ اور عزاداروں کو محفوظ ماحول کی فراہمی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں جبکہ حساس مقامات پر اضافی نفری بھی تعینات کی جائے گی

ہلال احمر پاکستان اور جرمن ریڈ کراس شراکت داری کا جشن

چار دہائیوں پر محیط انسانی خدمات کے اعتراف میں تقریب اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں

اسلام آباد (پی پی اے) ہلال احمر پاکستان اور جرمن ریڈ کراس نے نیشنل ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ تقریب کے دوران چار دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط اپنی غیر معمولی انسانی ہمدردی کی شراکت داری کے کامیاب سفر کا جشن منایا اس تقریب کا انعقاد پاکستان میں جرمن ریڈ کراس مشن کی تکمیل کے موقع پر کیا گیا جس میں قدرتی آفات سے نمٹنے صحت کی سہولیات موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے میں لچک پیدا کرنے پانی و صفائی کے منصوبوں پیشگی اقدامات اور کمیونٹی ترقیاتی پروگراموں کے ذریعے بے شمار زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے والی تاریخی شراکت داری کو خراج تحسین پیش کیا گیا تقریب میں پاکستان میں جرمنی کی سفیر محترمہ اینا لیپل چیئرپرسن ہلال احمر پاکستان محترمہ فرزانہ نائیک اور جرمن ریڈ کراس ہیڈ کوارٹرز برلن سے آئے ہوئے وفد نے شرکت کی جس کی قیادت آپریشنز اینڈ نیشنل سوسائٹی کو آپریشن کے سربراہ مارک آندرے سوویشیئر کر رہے تھے وفد میں ایشیا یونٹ کی سربراہ محترمہ سوزن اسٹوکیگٹ اور پاکستان و افغانستان کے کنٹری مینجر سیریاکس براؤ ٹیگام بھی شامل تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جرمنی کی سفیر محترمہ اینا لیپل نے پی آر سی

ایس اور جی آر سی کے درمیان دیرینہ شراکت داری کے گہرے اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس تعاون کے ذریعے پاکستان بھر میں کمزور اور متاثرہ طبقات کو زندگی بچانے والی امداد اور امید فراہم کی گئی انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے پیدا ہونے والے بڑھتے ہوئے چیلنجز کے تناظر میں اس شراکت داری نے تیاری، پیشگی اقدامات اور کمیونٹیز کے استحکام میں اہم کردار ادا کیا ہے چیئرپرسن محترمہ فرزانہ نائیک نے گزشتہ چار دہائیوں کے دوران جرمن ریڈ کراس کی مستقل معاونت پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ اس شراکت داری نے بالخصوص آفات سے نمٹنے، موسمیاتی اقدامات صحت کی خدمات اور کمیونٹی کی استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں ہلال احمر پاکستان کی انسانی ہمدردی کی صلاحیتوں کو نمایاں طور پر مضبوط کیا ہے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دونوں قومی سوسائٹیوں کے درمیان مضبوط تعلقات مستقبل میں بھی ضرورت مند طبقات کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے پاکستان میں جرمن ریڈ کراس کے سربراہ آصف امان نے کہا کہ اگرچہ جی آر سی کا پاکستان میں مشن اپنے اختتام کو پہنچ رہا ہے تاہم دونوں اداروں کے درمیان شراکت داری مضبوط اور مستقبل کی جانب گامزن رہے گی استقبالیہ خطاب میں سیکریٹری جنرل ہلال احمر پاکستان محمد عبیداللہ خان نے 43 سالہ شراکت داری کی نمایاں کامیابیوں کا ذکر کرتے ہوئے جرمن ریڈ کراس کا شکریہ ادا کیا آئی سی آر سی آئی ایف آر سی، ترکیہ ریڈ کریسنٹ نارکراس کے مندوبین بھی شریک تھے تقریب کے اختتام پر جرمن ریڈ کراس کے سابقہ اور موجودہ عملے میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں

مانگا منڈی پولیس نے پچیس روپوش اشتہاری ملزمان گرفتار کیے

چوری دھوکہ دہی سمیت مختلف مقدمات میں مطلوب اشتہاری جدید ٹیکنالوجی سے گرفتار ہوئے

مانگا منڈی پولیس نے کریک ڈاؤن کے دوران 25 روپوش اشتہاریوں کو گرفتار کیا اشتہاری چوری، دھوکہ دہی فراڈ خیانت مجرمانہ دھمکیاں اور بوگس چیک جیسی وارداتوں میں مطلوب تھے اشتہاریوں کی تلاش و گرفتاری کے لیے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا، ایس پی صدر گرفتار اشتہاریوں میں محمد ساجد، ذوالفقار، مختار، اسرار، شجاع حسین، شرافت، عباس، گل تبسم، اویس، ارشد، عمران، محمد یوسف، لیاقت، مقصود، عمر فاروق، عمر فاروق، محمد عثمان، سہیل انجم، نذیر، عثمان، صابر، عثمان، ندیم مسیح، نواز اور اکرام شامل اشتہاریوں کو گرفتار کر کے متعلقہ انویسٹیگیشن پولیس کے حوالے کیا سب انسپکٹر اشرف

نے ٹیم کے ہمراہ اشتہاریوں کو گرفتار کیا، ایس پی صدر اشتہاریوں کی گرفتاری پر سب انسپکٹر اشرف سمیت ٹیم کو شاباش، ایس پی صدر گرفتار اشتہاری لاہور کے مختلف تھانوں کو مطلوب تھے مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاری کے ٹارگٹ کو یقینی بنایا جارہا ہے، ایس پی صدر شاہ رخ خان

ناروال محفل میں سیدنا عثمان غنی کی فضیلت بیان

مذہبی سکالرز نے صحابہ کرام کی خدمات اور محرم کے تقدس پر زور دیا

ناروال (محمد ندیم خالق) امیر حلقہ تنظیم فیضان لاثانی سرکار معروف مذہبی سکالر صوفی محمد ندیم خالق رضا نقشبندی نے کہا ہے کہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ وفا اور حیا کے پیکر تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے چلتا پھرتا جنتی دیکھنا ہو وہ سیدنا حضرت عثمان غنی کو دیکھ لے سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ذوالنورین تھے حضرت عثمان غنی نے غنی کا لقب پایا آپ کی دین اسلام کے لئے خدمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بسلسلہ شہادت کانفرنس سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ اور ماہانہ محفل ذکر و نعت و ایصال ثواب کی محفل برائے والدین آستانہ عالیہ نقشبندیہ لاثانیہ اسلام پورہ میں صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا

کہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شان بہت زیادہ ہے ان کے ذکر سے گناہ کم ہوتے ہیں اہلبیت اور صحابہ کرام سے محبت اتنی ہی ضروری ہے جتنا سانس لینا ضروری ہے۔ ندیم خالق نے کہا کہ محرم الحرام مقدس مہینہ ہے اس کے تقدس کو بحال رکھنے کے لئے ہمیں اخوت امن محبت بھائی چارے ایثار اور مذہبی ھم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔ ریٹائرڈ ماسٹر مشتاق نے کہا کہ عقیدہ درست رکھنے کی ضرورت ہے۔ کانفرنس سے پیر عرفان اسلام اویسی۔ مولانا محمد اعظم عطاری۔ سجاد رضوی و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر نعت خواں حضرات محمد سجاد اویسی حافظ محمد عباس چشتی۔ محمد نور عالم رضوی۔ حافظ محمد عمر رضا عطاری۔ کے علاوہ سینئر صحافی عثمان مغل۔ شیخ شاھد رشید۔ عامر محمود ملک۔ اور معززین علاقہ بھی موجود تھے۔

ناروال محفل مسالمہ میں کربلا شہداء کو خراج عقیدت

شعراء نے شہدائے کربلا کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے عقیدت کا اظہار کیا ہے

ناروال (محمد ندیم خالق) آستانہ عالیہ شیخ حسنین رضا محلہ خواجگان پر: محفل مسالمہ: کا انعقاد کیا گیا۔ محفل مسالمہ کی نگرانی سفیر امن و محبت شیخ حسنین رضا نے کی اور نقابت کے فرائض معروف ادیب کالم نگار شاعر شاہد رشید نے انجام دیئے۔ محفل مسالمہ میں مقامی شعراء کرام جن میں سید افضال شاہ۔ شہباز دانش۔ حکیم مقبول الفت۔ عثمان مغل۔ احسان اللہ اثر۔ لیاقت نفیس۔ رزاق سلہری۔ عبدالستار راز شامل تھے جبکہ محفل مسالمہ میں طارق شاہین۔ مقبول عاجز۔ شاہد ضیاء۔ ارشد غنی۔ شیخ حسن رضا۔ شیخ

محسن رضا۔ شیخ عرفان حیدر ساعتی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ شعراء کرام نے محفل مسالمہ میں اپنے اپنے مخصوص انداز میں شہدائے کربلا کی عظیم اور لازوال قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے نذرانہ عقیدت پیش کر کے خوب داد وصول کی۔ اس موقع پر شعرائے کرام کا کہنا تھا کہ سید الشہداء حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ و دیگر کی دین اسلام کے لئے دی گئی قربانیاں تا قیامت زندہ و جاوید رہیں گی ہمیں چاہئے کہ یزیدی سوچ کا مقابلہ کریں اور حق کی خاطر ڈٹ جائیں۔ بعدازاں شیخ حسنین رضا اور شیخ حسن رضا کے کردار کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا گیا۔ شیخ حسنین نے تمام مہمانان گرامی میں حسینی لنگر بھی پیش کیا۔

کوٹ رادھا کشن میں حاجی محمد انصاری کی ریٹائرمنٹ تقریب

معزز شخصیات نے طویل خدمات پر خراج تحسین پیش کر کے نیک خواہشات کا اظہار کیا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) انفورسمنٹ انسپکٹر میونسپل کمیٹی کوٹ رادھا کشن حاجی محمد انصاری کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر رشید اختر ہسپتال نزد پیراگون سٹی لاہور میں ایک پروقار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف سماجی، ادبی، صحافتی اور فلاحی حلقوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق تقریب کا اہتمام ایم ڈی رشید اختر ہسپتال خالد سندھو کی جانب سے کیا گیا۔ تقریب کے آغاز پر سیکرٹری اطلاعات پنجاب جمعیت علمائے پاکستان محمد زاہد صدیقی، صدر انصاری اتحاد ویلفیئر فاؤنڈیشن بھوبتیاں حافظ احد علی انصاری اور جنرل سیکرٹری اللہ رکھا انصاری نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ تقریب میں صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور سید عرفان علی شاہ کی خصوصی آمد نے محفل کو مزید وقار بخشا، جن کا شرکاء نے بھرپور استقبال کیا۔

تقریب میں بابا شیخ فاروق احمد، معروف پنجابی شاعر ملک محمد ارشاد، سینئر صحافی و چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور ملک عبدالعزیز انجم، ممبر سپریم کونسل ڈسٹرکٹ پریس کلب قصور ارشد منیر چوہدری، صدر انجمن انصاریاں کوٹ رادھا کشن اظہر صدیق انصاری، شیخ شکیل فیصل، عبدالغفور انصاری، مولوی محمد اکرم انصاری، محمد امین خان، شیخ طارق محمود، علی حمزہ انصاری، محمد اسلم انصاری، ارشاد انصاری اور محمد منیر انصاری سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے حاجی محمد انصاری کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے، ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے ان سے اپنی محبت، عقیدت اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران شرکاء خصوصی طور پر محمد زاہد صدیقی، عرفان علی شاہ اور خالد سندھو نے حاجی محمد انصاری کی طویل سرکاری خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دیانت داری، فرض شناسی اور عوامی خدمت کے ذریعے ایک مثالی کردار قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے باکردار اور خدمت گزار افراد کسی بھی ادارے کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں اور ان کی خدمات ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا۔ شرکاء نے حاجی محمد انصاری کی صحت، خوشحالی اور کامیاب زندگی کے لیے خصوصی دعا کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی خدمات اور خوشگوار یادیں ہمیشہ دلوں میں زندہ رہیں گی۔

اسلام آباد مارگلہ روڈ حادثہ پولیس نے نوجوان کی جان بچائی

پولیس اور ریسکیو ٹیم نے بروقت کارروائی کر کے نوجوان کو کھائی سے نکال کر بچایا ہے

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد پولیس اور ریسکیو ٹیمز کے بروقت آپریشن سے قیمتی انسانی جان بچالی گئی تفصیلات کے مطابق مارگلہ روڈ پر ایک کار گہری کھائی میں جا گری جس میں سوار ایک نوجوان گاڑی کے اندر پھنس گیا اطلاع ملتے ہی اسلام آباد پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور فوری طور پر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں جبکہ کھائی کی گہرائی اور دشوار گزار مقام کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین نے خود موقع پر پہنچ کر آپریشن کی نگرانی کی اور عملے کے ہمراہ نوجوان کو بحفاظت گاڑی سے نکال کر ریسکیو کیا، ریسکیو کے بعد زخمی نوجوان کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور مزید علاج معالجے کیلئے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا اسلام آباد پولیس ہر قسم کی ہنگامی صورتحال میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہے اور عوام کی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہے

اسلام آباد محرم جلوس روٹس سکیورٹی کا تفصیلی جائزہ مکمل

ایس ایس پی آپریشنز نے 9-I اور 10-I روٹس کی سکیورٹی ہدایات جاری کی ہیں

اسلام آباد (پی پی اے) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کا محرم الحرام کے سلسلے میں سیکٹر 9-I اور 10-I میں جلوسوں کے روٹس کا تفصیلی دورہ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے سیکٹر 9-I اور 10-I میں جلوسوں کے روٹس کا تفصیلی دورہ کیا، دورے کے دوران انہوں نے سکیورٹی انتظامات داخلی و خارجی راستوں، چیکنگ پوائنٹس ٹریفک مینجمنٹ پلان اور جلوسوں کے مقررہ روٹس کا جائزہ لیا اس موقع پر متعلقہ افسران نے انہیں سکیورٹی اور ٹریفک انتظامات کے حوالے سے بریفنگ بھی دی ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا

کہ محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور جلوسوں کے شرکا کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جلوسوں کے منتظمین کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جائے، سکیورٹی پلان پر موثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور تمام افسران و جوان الرٹ رہتے ہوئے اپنے فرائض پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیں

صدر مملکت نے چار اہم بلز کی منظوری دے دی

ایوان صدر نے ایف پی ایس سی تقرری اور مختلف قانونی فیصلوں کی منظوری دی ہے

اسلام آباد (پی پی اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف قانونی اور انتظامی امور سے متعلق اہم فیصلوں کی منظوری دے دی ہے ایوانِ صدر کے مطابق صدر مملکت نے چار اہم قانونی بلز کی منظوری دیتے ہوئے دستخط کر دیے ہیں منظور کیے جانے والے بلز میں کیریج بائی ایئر بل مالی ذمہ داری و قرضوں کی حدود کے تعین سے متعلق بل، پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی بل اور اقبال اکیڈمی بل شامل ہیں صدر مملکت نے اس کے علاوہ عائشہ حمیرا چوہدری کی بطور رکن وفاقی پبلک سروس کمیشن ایف پی ایس سی تقرری کی بھی منظوری دے دی ہے اہم قانونی معاملات اور انتظامی تقرریوں سے متعلق یہ فیصلے آئینی و قانونی تقاضوں کے تحت کیے گئے ہیں

صدر ٹرافی گریڈ ٹو سیمی فائنلز کا شیڈول جاری

ایبٹ آباد اور اسلام آباد میں سیمی فائنلز 18 سے 20 جون کھیلے جائیں گے

لاہور (پی پی اے) صدر ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ کے ناک آؤٹ مرحلے کی ٹیموں کا اعلان کر دیا گیا جس کے تحت ایونٹ کے دونوں سیمی فائنلز 18 سے 20 جون تک ایبٹ آباد اور اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق پہلے سیمی فائنل میں کنگز مین اکیڈمی کا مقابلہ اپنی ہی فرنچائز کنگز مین سے ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوگا جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں ناقابل شکست رہنے والی وائیٹل ٹی کی ٹیم ایم آئی ٹی سلوشنز کے مدمقابل ہوگی یہ میچ اسلام آباد کے ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا گروپ مرحلے کی طرح سیمی فائنلز بھی تین روزہ نان فرسٹ کلاس میچز پر مشتمل ہوں گے جبکہ فائنل 22 جون سے ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں چار روزہ نان فرسٹ کلاس میچ کے طور پر شروع ہوگا تمام میچز پاکستان میں ٹپ میڈ جبکہ بیرون ملک شائقین کے لیے پی سی بی یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیے جائیں گے ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 50 لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی جبکہ کامیاب ٹیم آئندہ ڈومیسٹک سیزن کے لیے صدر ٹرافی گریڈ ون فرسٹ کلاس ٹورنامنٹ میں شرکت کی اہل قرار پائے گی صدر ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ میں 14 ٹیموں نے حصہ لیا جنہیں دو گروپس میں تقسیم کیا گیا تھا گروپ اے میں کنگز مین اکیڈمی نے پانچ کامیابیوں کے ساتھ 40 پوائنٹس حاصل کیے جبکہ گروپ بی میں وائیٹل ٹی 43 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست رہی اور ٹورنامنٹ کی واحد ناقابل شکست ٹیم بنی کنگز مین اکیڈمی کی جانب سے فاسٹ بولر محمد عثمان غنی نے شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے 27 وکٹیں حاصل کیں جبکہ بلے باز افان اسحاق نے 448 رنز بنائے ایم آئی ٹی سلوشنز کی جانب سے ٹیسٹ بلے باز عبداللہ شفیق نے 567 رنز اسکور کیے وائیٹل ٹی کے فاسٹ بولر محمد باسط نے 33 وکٹیں حاصل کیں جبکہ محمد ارسلان ضیا نے 394 رنز بنا کر ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا کنگز مین کے لیے حبیب اللہ اور اذان طارق نے بیٹنگ میں نمایاں کارکردگی دکھائی

سندر پولیس نے بچے سے زیادتی کا ملزم گرفتار کیا

بروقت کارروائی سے ملزم گرفتار، مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے

سندر لاہور (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق سندر پولیس کی بروقت کارروائی معصوم بچے سے بدفعلی کرنے والا ملزم گرفتار ملزم مدثر نے بچے کو ڈرا دھمکا کے بدفعلی کی، اطلاع موصول ہونے پر سندر پولیس نے فوری مقدمہ درج کیا ملزم کو چند گھنٹوں میں ٹریس کر کے گرفتار کر لیا گیا ملزم کو مزید تحقیقات کے لیے انویسٹیگیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا کم سن بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی میں ملوث ملزمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔ ایس پی صدر شاہ رخ خان

چونیاں میں محرم انتظامات کا ڈپٹی کمشنر نے جائزہ لیا

ڈی سی اور ڈی پی او نے جلوس روٹس کا معائنہ کر کے سکیورٹی ہدایات جاری کیں

رپورٹ نواب یاور حسین اسدی محرم الحرام کے انتظامات کا جائزہ؛ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او قصور کا تحصیل چونیاں کا دورہ محرم الحرام کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر قصور اور ڈی پی او قصور نے تحصیل چونیاں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مرکزی امام بارگاہ سید امان علی شاہ کا دورہ کیا اور 10 محرم الحرام کو برآمد ہونے والے تمام ماتمی جلوسوں کے روٹس (راستوں) کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے امن و امان اور سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔

پنجاب بجٹ میں تعلیم صحت اور نوجوانوں کیلئے ریکارڈ فنڈز

حکومت پنجاب نے میگا منصوبوں کیلئے ہزاروں ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز منظور کیے ہیں

لاہور (پی پی اے) پنجاب حکومت نے مالی سال 27-2026 کے بجٹ میں تعلیم، صحت، کھیل اور نوجوانوں کی ترقی کو اولین ترجیح دیتے ہوئے اربوں روپے کے متعدد میگا منصوبوں کی منظوری دے دی ہے پنجاب کابینہ سے منظور شدہ بجٹ دستاویزات کے مطابق صوبے کا مجموعی بجٹ 5 ہزار 850 ارب روپے سے زائد جبکہ ترقیاتی پروگرام کا حجم 752 ارب روپے تجویز کیا گیا ہے جسے صوبے کی تاریخ کے بڑے ترقیاتی پیکجز میں شمار کیا جارہا ہے تعلیم کے شعبے میں طلبہ کی حوصلہ افزائی اور جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب لیپ ٹاپ پروگرام کے لیے 66 ارب 40 کروڑ روپے جبکہ ہونہار اسکالرشپ پروگرام کے لیے 33 ارب 25 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں مریم نواز اکیڈمک لیڈرشپ سینٹر لاہور طلبہ کو سائیکلوں کی فراہمی طالبات کے لیے ٹرانسپورٹ سہولت اور سرکاری اسکولوں میں جدید اسٹیم لیبز کے قیام سمیت متعدد منصوبے بھی بجٹ کا حصہ ہیں دستاویزات کے مطابق سرکاری اسکولوں میں اسٹیم لیبز کے لیے 7 ارب 40 کروڑ روپے اور چیف منسٹر اسکول میل پروگرام کے لیے 7 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ صاف پانی کی فراہمی اسکل ڈویلپمنٹ پروگرامز اور تعلیمی اداروں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے بھی خطیر فنڈز رکھے گئے ہیں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں پنجاب کے کالجوں میں آئی ٹی لیبز کے قیام جی سی یونیورسٹی لاہور کی بحالی سیالکوٹ ویمن یونیورسٹی یونیورسٹی آف چکوال یونیورسٹی آف گجرانوالہ اور یونیورسٹی آف حافظ آباد کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے اربوں روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ جدید تعلیمی سہولیات کو فروغ دیا جاسکے خصوصی تعلیم کے میدان میں پنجاب کے تمام ڈویژنز میں مریم نواز آٹزم اسکول کے ذیلی کیمپس قائم کرنے کی منظوری دی گئی ہے جبکہ خصوصی بچوں کے لیے میل پروگرام نئے تعلیمی مراکز اور تربیتی اداروں کے قیام کے لیے بھی فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ شرح خواندگی میں اضافے اور بالغ افراد کی تعلیم کے لیے متعدد منصوبوں پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کھیلوں اور نوجوانوں کی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے لاہور میں عالمی معیار کی مریم نواز اسپورٹس سٹی نشتر پارک اسپورٹس کمپلیکس میں بین الاقوامی معیار کی سہولیات کھیلتا پنجاب کارڈ اور چیف منسٹر یوتھ انٹرنیٹ پروگرام شروع کرنے کی تجویز دی گئی ہے اس کے علاوہ بھوربن کوٹ ادو اور دیگر شہروں میں جدید اسپورٹس کمپلیکس بھی قائم کیے جائیں گے صحت کے شعبے میں لاہور میں نواز شریف کینسر انسٹی ٹیوٹ کے لیے 26 ارب 22 کروڑ روپے سے زائد گجرانوالہ میں مریم نواز انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے لیے 6 ارب روپے مریم نواز ہیلتھ کلینکس کے قیام و توسیع کے لیے 15 ارب 45 کروڑ روپے اور راولپنڈی چلڈرن اسپتال سمیت متعدد جدید طبی منصوبوں کے لیے ریکارڈ فنڈز مختص کیے گئے ہیں بجٹ میں یونیورسل ہیلتھ کوریج پروگرام نرسنگ ایجوکیشن سینٹرز آف ایکسی لینس ڈائیلاسز اور ٹرانسپلانٹ پروگرامز سمیت عوامی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبوں کو بھی شامل کیا گیا ہے حکومتی ذرائع کے مطابق ان اقدامات کا مقصد پنجاب میں تعلیم صحت اور کھیلوں کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا اور انسانی ترقی کے اشاریوں میں نمایاں بہتری لانا ہے

اسلام آباد نیشنل پریس کلب اجلاس میں ہاؤسنگ مسائل زیر غور

صحافیوں کے ہاؤسنگ کوٹہ اور دیگر مسائل کے حل کیلئے اہم فیصلے کیے گئے ہیں

اسلام آباد (پی پی اے) نیشنل پریس کلب اسلام آباد کی گورننگ باڈی کا اجلاس صدر عبدالرزاق سیال کی زیر صدارت منعقد ہوا سیکرٹری نیشنل پریس کلب ڈاکٹر فرقان راؤ نے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے اجلاس میں فنانس سیکرٹری عابد عباسی نے فنانس رپورٹ پیش کی اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا اجلاس میں گورننگ باڈی کے اراکین نے 10 سال گزرنے کے باوجود ہاؤسنگ کوٹہ نہ ملنے پر تشویش کا اظہار کیا صحافیوں کے ہاؤسنگ مسائل ہاؤسنگ سکیموں میں مختص کوٹہ زیر التواء پلاٹوں کی الاٹمنٹ میڈیا ٹاؤن فیز ٹو، پریس کلب کی نئی عمارت کی تعمیر آئی ٹی این ای کے چیئرمین اور پیمرا کونسل آف کمپلینٹ کے ممبران کی تعیناتی صحافیوں کی فلاح و بہبود ریلوے رعایت میڈیا اداروں کے ملازمین کے مسائل اور کلب کے آئینی و تنظیمی امور پر تفصیلی غور کیا گیا گورننگ باڈی نے اس بات پر زور دیا کہ ہاؤسنگ سکیموں میں درخواست دینے والے صحافیوں کے حقوق کا مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ماضی میں جمع کروائی گئی درخواستوں اور زیر التواء الاٹمنٹس کا شفاف اور میرٹ پر مبنی جائزہ لیا جائے تاکہ کسی مستحق صحافی کا حق متاثر نہ ہو۔ اجلاس کے شرکاء نے متفقہ طور پر فیصلہ کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ سیکرٹری اطلاعات اشفاق خلیل سے مطالبہ کیا کہ زیر التواء پلاٹوں کی الاٹمنٹ اور تصدیقی عمل کو دو ماہ کے اندر مکمل کر کے الاٹمنٹ لیٹر جاری کیئے جائیں۔ تاکہ صحافی برادری میں پائی جانے والی بے چینی اور غیر یقینی صورتحال کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ گورننگ باڈی نے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کا 2 فیصد کوٹہ فوری طور پر بحال کیا جائے۔ گورننگ باڈی نے وزیر اطلاعات اور سیکرٹری اطلاعات سے فوری مطالبہ کیا کہ اے پی پی کا جرنلسٹ ہاؤسنگ کوٹہ فوری بحال کیا جائے اور اس حوالے سے عملی اقدامات جلد سے جلد کیئے جائیں گورننگ باڈی نے فیصلہ کیا کہ وفاقی وزیر اطلاعات سیکرٹری اطلاعات وفاقی وزیر ہاؤسنگ سیکرٹری ہاؤسنگ وزیراعلیٰ پنجاب وزیر ہاؤسنگ پنجاب اور دیگر متعلقہ حکام سے ملاقاتیں کی جائیں گی تاکہ صحافیوں کے ہاؤسنگ حقوق اور دیگر دیرینہ مطالبات کو مؤثر انداز میں پیش کیا جاسکے

اسلام آباد محرم سکیورٹی آئی جی کی نگرانی میں سخت انتظامات

سیف سٹی کنٹرول روم سے جلوس و مجالس کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے



اسلام آباد (پی پی اے) محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کیلئے اسلام آباد پولیس متحرک تمام سکیورٹی انتظامات کی نگرانی آئی جی سید علی ناصر رضوی خود نگرانی کریں گے تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے محرم الحرام کے جلوسوں اور مجالس کے پرامن انعقاد اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کیلئے جامع اور موثر سکیورٹی پلان تشکیل دے دیا ہے محرم الحرام کے دوران فول پروف سکیورٹی انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا جبکہ امن و امان کے قیام کو اولین ترجیح دی جائے گی، اسی کے ساتھ ساتھ محرم الحرام کے دوران